Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعہ، 12 جون 2026، 26 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20روپے | شمارہ 60

پاکستان کا جنگ بندی کی پاسداری اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل پر زور

پانی روکنے کے کسی بھی اقدام کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائیگا اور یہ ممکنہ طور پر اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت جنگی اقدام کے مترادف سمجھا جا سکتا ہے

پانی کو روکنے یا اس میں نمایاں کمی لانے کی کوئی بھی کوشش، جو 25 کروڑ سے زائد پاکستانیوں کی روزی روٹی، زراعت اور فلاح و بہبود کیلئے ناگزیر ہے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اقدام ہوگا

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان نے مشرق وسطی میں جنگ بندی کی پاسداری اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل پر زور دیتے ہوئے ایران امریکا کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہاہے کہ پاکستان فریقین سے ضبط وتحمل اور مسائل کے پرامن حل کا خواہاں ہے، بھارت غیر ذمے دارانہ بیانات سے مقبوضہ کشمیر کی صورت حال سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، صومالیہ کے وزیر خارجہ نے (بقیہ نمبر 1)

مری: سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب وکمشنر بوائز سکاؤٹس پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کا گھوڑا گلی میں پنجاب بوائز سکاؤٹس سمر کیمپ میں "سکاؤٹس انگوری" کیمپ کے تفصیلی معائنہ کے دوران 300 مختلف صلاحیتوں کے حامل سکاؤٹس کے ہمراہ گروپ فوٹو

محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے اوقاف پنجاب کا راولپنڈی میں اعلیٰ سطحی اجلاس

سیکریٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کے درگاہ اور سکاؤٹس کیمپ کے دورے

امن و بھائی چارے کے فروغ اور ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات کے تحت محرم الحرام کے ایام مقدسہ کو پرامن اور بھائی چارے کی فضا میں منانے کے لیے سیکریٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے راولپنڈی کا دورہ کیا (بقیہ نمبر2)

پنجاب بھر میں 1302 ٹریفک حادثات میں 18 افراد جاں بحق، 1485 زخمی

ان ٹریفک حادثات میں 862 ڈرائیورز، 56 کم عمر ڈرائیور، 489 مسافر اور 152 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے

لاہور (یواین پی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1302 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 649 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 836 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی (بقیہ نمبر 5)

لاہور رنگ روڈ کی بیوٹیفیکشن و تعمیراتی کام تیزی سے جاری

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کا لاہور رنگ کا دورہ

لاہور (یواین پی) صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے لاہور رنگ روڈ کا دورہ کیا اور لکھوڈیر کے مقام پر جاری ری ہیبلیٹیشن اور اسفالٹ ورک کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر چیئرپرسن پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی صفی اللہ گوندل بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر کو لاہور رنگ روڈ پر جاری تعمیراتی اور مرمتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کی (بقیہ نمبر4)

پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی اقلیتی کاکس کا اجلاس

شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر کرنے، رجسٹریشن نظام بہتر بنانے اور مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ سے متعلق تجاویز پر غور

لاہور (این ای این) پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی اقلیتی کاکس کا اجلاس کنوینر مسٹر فالبوس کرسٹوفر کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں پنجاب کرسچین میرج بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ یہ مجوزہ قانون پنجاب میں مسیحی برادری کی شادیوں سے متعلق قانونی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور اسے مزید موثر بنانے کی ایک اہم قانون سازی ہے۔ اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے تمام اقلیتی اراکین نے شرکت کی، جن میں اراکین پنجاب اسمبلی فالبوس کرسٹوفر، عمانوئیل آتھر، (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: وفاقی وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب وزیرِاعظم محمد شہباز شریف کو پاکستان اقتصادی سروے 2025-26 کی کاپی پیش کر رہے ہیں۔

گرم ترین موسم کی شدت کا مقابلہ کرنے کیلئے بچاؤ اور احتیاط ہی مناسب تدابیر ہے: مریم نواز شریف

شدید گرمی: وزیراعلیٰ پنجاب کے صوبے بھر میں ہنگامی سہولیات کے احکامات

وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کا گرمی کی شدید لہر کے پیش نظر صوبے بھر میں عوام کیلئے ٹھنڈے پانی کا اہتمام کرنے کا حکم، عوام بہت زیادہ گرمی اور لو کے پیش نظر بلاضرورت گھر سے نکلنے سے پرہیز کریں: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوام سے اپیل

انتظامیہ کو ہر شہر کے چوک و چوراہوں میں سائے /شیڈ کا اہتمام کرنے کی ہدایت، ہرویگن سٹینڈ، بس ٹرمینلز اور ریلوے سٹیشن پر مسافروں کیلئے ٹھنڈا پانی، پنکھے اور کولر نصب کرنے کا حکم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے گرمی کی شدید لہر کے پیش نظر صوبے بھر میں عوام کیلئے ٹھنڈے پانی کا اہتمام کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے انتظامیہ کو ہر شہر کے چوک و چوراہوں میں سائے/شیڈ کا بھی اہتمام کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ہرویگن سٹینڈ، بس ٹرمینلز اور ریلوے سٹیشن پر مسافروں کیلئے ٹھنڈا پانی، پنکھے اور کولر نصب کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی میں نرس کا مبینہ گینگ ریپ

نرس دربار پر دعا کرنے گئی، 2 مسلح افراد نے پہاڑی کی جانب لے جاکر زیادتی کی

راولپنڈی (یواین پی) راولپنڈی کے مقامی ہسپتال کی نرس سے گینگ ریپ اور ویڈیو بنانے پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ رپورٹ کے مطابق مقدمہ تھانہ دھمیال میں متاثرہ نرس کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جبکہ گینگ ریپ ا(بقیہ نمبر23)

وزیراعظم سے غلام احمد بلور کی ملاقات

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سینئر سیاستدان اور سابق وفاقی وزیر غلام احمد بلور نے ملاقات کی جس دوران ملکی مجموعی سیاسی صورتحال اور (بقیہ نمبر 22)

چائلڈ لیبر کا خاتمہ قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

پارلیمان بچوں کے استحصال کے خاتمے اور تعلیم کے حق کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہے

اسلام آباد (یواین پی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ بچے قوم کا قیمتی سرمایہ اور ایک خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت ہیں، بچوں کو استحصال سے محفوظ رکھنا اور انہیں تعلیم، صحت اور مساوی مواقعوں کی فراہمی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بچوں سے مشقت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا، جو ہر سال 12 جون کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ بچوں سے مشقت دنیا بھر میں لاکھوں بچوں کو ان کے بچپنے سمیت، تعلیم اور ترقی کے مواقعوں سے محروم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچے کو محفوظ، صحت مند اور سا(بقیہ نمبر 24)

عالمی انسانی حقوق گورننس میں چین کا ذمہ دارانہ کردار ہے، چینی میڈیا

بیجنگ (یواین پی) بیجنگ 2026 کے عالمی انسانی حقوق گورننس کے اعلیٰ سطحی فورم کے انعقاد کے موقع پر، چائنا میڈیا گروپ کے سی جی ٹی این نے رینمن یونیورسٹی آف چائنا کے اشتراک سے دنیا بھر کے (بقیہ نمبر 25)

وزیرِاعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں پاکستان ریلویز کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسرائیل اور بحرین میں سائرن بج گئے، شہریوں میں شدید خوف وہراس

تل ابیب/ بحرین (یواین پی) ایران کی جانب سے ممکنہ جوابی کارروائیوں کے خدشات کے بعد خطے میں سیکیورٹی صورتحال انتہائی کشیدہ ہوگئی ہے جبکہ اسرائیل اور بحرین میں سائرن بجنے کی اطلاعات نے شہریوں میں خوف وہراس پھیلادیا ہے۔ اسرائیلی (بقیہ نمبر 26)

ایرانی حملے میں فوجی ایئربیس کو شدید نقصان پہنچا، اسرائیل نے پہلی بار اعتراف کرلیا

تل ابیب (یواین پی) اسرائیلی فوج نے حالیہ جنگ کے دوران پہلی بار اعتراف کیا ہے کہ رواں ہفتے ایران کے بیلسٹک میزائل حملے میں اسرائیل کے رمات ڈیوڈ ایئربیس کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان اسرائیلی فوج (بقیہ نمبر 27)

مسرور احمد بجارانی کا علامہ اقبال میموریل لائبریری کا دورہ

دورے کا بنیادی مقصد لائبریری میں موجود سہولیات کا جائزہ لینا اور ان میں بہتری لانا تھا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر-1- مسرور احمد بجارانی نے علامہ اقبال میموریل لائبریری کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد لائبریری میں موجود سہولیات کا جائزہ لینا اور ان میں بہتری لانا تھا۔ دورے کے دور(بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: رکن قومی اسمبلی شاہد عثمان وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

دوہرے قتل کا اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں سے ہلاک

باپ بیٹے کا قاتل انجام کو پہنچ گیا گوجرخان پولیس کا جرات مندانہ مقابلہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کی حدود میں رات گئے پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان ہونے والے مقابلے میں دوہرے قتل سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب ملزم غلام رسول ہلاک ہوگیا، جبکہ اس کے دو ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے موقع سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے رات گئے ناکہ بندی کررکھی تھی کہ اس دوران موٹر سائیکل سوار تین مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا گیا۔ ملزمان نے رکنے کے بجائے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس کی جوابی (بقیہ نمبر 21)

سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان غلام احمد بلور وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

چین، 2026 عالمی انسانی حقوق کی حکمرانی کے اعلیٰ سطحی فورم کا انعقاد

''قومی انسانی حقوق ایکشن پلان (2026-2030)'' کا اجراء

بیجنگ (یواین پی) بیجنگ میں ''2026'' عالمی انسانی حقوق کی حکمرانی کے اعلیٰ سطحی فورم" کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ سی پی سی سینٹرل کمیٹی کے پولیٹیکل بیورو کے رکن اور پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ لی شولے نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی (بقیہ نمبر 20)

واپڈا چوآ سیدن شاہ میں درخواستوں کا اندراج بند

عوام کو اعلیٰ حکام تک رسائی سے محروم رکھنے پر سنگین سوالات، عوام پریشان

چکوال (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ میں آئیسکو (واپڈا) کے مقامی دفتر کی کارکردگی ایک بار پھر عوامی تنقید کی زد میں آگئی ہے جہاں شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی سے متعلق شکایات اور مسائل کے حل کے لیے جمع کروائی جانے والی درخواستوں کا نہ تو باقا(بقیہ نمبر 19)

ڈیرہ غازیخان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد ڈی پی او صادق بلوچ کے ہمراہ چوٹی زیریں میں محرم الحرام کے روٹس، سیکیورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیرصدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی

بین المسالک ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائیگا

لاہور (یواین پی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران قیام امن، بین المسالک ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے کیپیٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں سول لائنز اور سٹی (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں کمرشل تعمیراتی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کے نظام کا تجرباتی آغاز

وائلیشن ڈی ٹیکشن سسٹم کے ٹیسٹ رن کیساتھ ہی متعلقہ سٹاف کی ٹریننگ کا عمل شروع

لاہور (یواین پی) پنجاب میں کمرشل تعمیراتی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کے نظام کا تجرباتی آغاز ہوگیا ہے۔ وائلیشن ڈی ٹیکشن سسٹم (وی ڈی ایس) کے ٹیسٹ رن کے ساتھ ہی متعلقہ سٹاف کی ٹریننگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ مقامی ہوٹل میں (بقیہ نمبر 17)

قرض کے بدلے بیوی کو دوسرے مرد کے پاس بھیجنے والے شوہر کی ضمانت منظور

خواتین کے تحفظ کیلئے پارلیمنٹ ازدواجی استحصال سے متعلق قانون متعارف کرائے، طویل تاخیر،

میڈیکل و ویڈیو شواہد کی عدم دستیابی اور شریک ملزم کی ضمانت پر ملزم کو رعایت دی گئی؛ لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ

لاہور (یواین پی) لاہور ہائیکورٹ نے مبینہ طور پر قرض کی رقم ادا نہ کرنے کے بدلے اپنی ہی بیوی کو دوسرے مرد کے حوالے کرنے والے ملزم شوہر کی ضمانت منظور کرلی۔ اطلاعات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ نے قرض کی عدم ادائیگی کے بدلے اپنی بیوی کو مبینہ طور پر دوسرے مرد کے پاس بھیجنے والے ملزم شوہر کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کی ہے، عدالت عالیہ کے جج جسٹس (بقیہ نمبر 7)

قومی اسمبلی میں پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025 منظور

اسلام آباد (یواین پی) قومی اسمبلی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025 منظور کر لیا۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے بل ایوان میں پیش کیا۔ حکومتی رکن ہما اختر چغتائی کی جانب سے پیش کردہ ترمیم بھی کثرت رائے سے منظور کرلی گئی تاہم حکومتی رکن اپنی پیش کردہ ترمیم کی وضاحت نہ کر سکیں۔ بعدازاں وفاقی وزیر آئی ٹی نے ہما اختر چغتائی کی (بقیہ نمبر 29)

زرار احمد خاصخیلی کا فلور ملز کا اچانک دورہ، گندم کے ذخیرے کا جائزہ

عوام کو معیاری آٹا مناسب قیمت پر فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) اسسٹنٹ کمشنر کندھ کوٹ زرار احمد خاصخیلی نے ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کے ہمراہ تعلقہ کندھ کوٹ میں حکومت سے لائسنس یافتہ فلور ملز کا (بقیہ نمبر 8)

امریکا کا خلیج عمان پر ایران تیل جانے والے آئل ٹینکر پر حملہ، 3 بھارتی ملاح لاپتہ

بھارت نے امریکی ڈپٹی چیف آف مشن کو طلب کرکے باضابطہ احتجاج ریکارڈ کرایا، بیان

نئی دہلی (یواین پی) امریکی فوج نے ایرانی بحریہ کی ناکہ بندی کے دوران خلیج عمان میں ایک کمرشل آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا جس کے بعد اس میں (بقیہ نمبر 9)

پرانی موٹرسائیکل کو نئی ظاہر کرنے کا معاملہ، دکاندار کیخلاف 5 لاکھ کا دعویٰ

لاہور (یواین پی) لاہور میں ایک شہری نے پرانی موٹرسائیکل کو نئی ظاہر کرکے فروخت کرنے کے الزام پر دکاندار کے خلاف صارف عدالت سے رجوع کرلیا جبکہ ہرجانے کی مد میں 5 لاکھ روپے کا دعویٰ دائر کیا ہے۔ سبزہ زار کے رہائشی شکیل احمد نے صارف عدالت میں موقف اختیار کیا کہ انہوں نے (بقیہ نمبر 10)

کیس لاہور کی علمی نشست میں ماہرین پاکستان کو درپیش آبی بحران، موسمیاتی تبدیلی اور پانی کی مؤثر گورننس پر اظہار خیال کر رہے ہیں۔

پاکستان آبی دیوالیہ پن کی دہلیز پر، پانی کی گورننس کو قومی سلامتی کا اہم چیلنج قرار

ماہرین کا انتباہ: موسمیاتی تبدیلی، آبی قلت اور ناقص حکمرانی پاکستان کے لیے سنگین خطرہ

کیس لاہور کی علمی نشست، پانی کے بحران سے نمٹنے کے لیے جامع قومی حکمتِ عملی اور شفاف آبی نظام پر زور

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرواسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے ۱۰ جون ۶۲۰۲ کو "پاکستان میں پانی کی گورننس بطور موسمیاتی سلامتی کا چیلنج" کے عنوان سے ایک علمی نشست کا اہتمام کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کی حیثیت سے، کیس لاہور قومی سلامتی کے وسیع تر تناظر میں دلچسپی رکھنے والے اسکالرز اور پیشہ ور افراد کے لیے علمی تقریبات منعقد کرتا ہے۔ اس (بقیہ نمبر 11)

جاپان نے نام نہاد "امن پسند ملک" کا نقاب خود ہی اتار لیا ہے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (یواین پی) چین اور پاکستان کی جانب سے مئی کے آخر میں جاری کیے گئے مشترکہ بیان میں (بقیہ نمبر 13)

بجٹ میں حکومت 1500 ارب کا ٹیکس وصول کرنے جارہی ہے' اسد عمر

تاریخ میں اس سے بدترین کارکردگی کبھی کسی حکومت کی نہیں رہی

لاہور (یواین پی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ یہ سوال ہونا چاہیے جو بجٹ پیش کرنے جارہے ان کی کارکردگی کیا رہی ہے، پاکستان کی تاریخ میں اس سے بدترین کارکردگی کبھی کسی حکومت کی نہیں رہی۔ انسداد دہشتگردی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ شہباز شریف تواتر سے بجٹ پیش (بقیہ نمبر 12)

چین۔شمالی کوریا تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے چینی صدر کی چار نکاتی تجویز

بیجنگ (یواین پی) کوریا کی ورکرز پارٹی کے جنرل سیکرٹری اور ریاستی امور کمیشن کے چیئرمین کم جونگ اُن کی دعوت پر سی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور عوامی جمہوریہ چین کے صدر شی جن پھنگ نے شمالی کوریا کا سرکاری دورہ کیا۔ جمعرات کے روز چینی میڈیا کے مطابق اس سال چین اور شمالی کوریا کے باہمی تعاون کے معاہدے پر دستخط کی 65 (بقیہ نمبر 15)

گلگت بلتستان میں (ن) لیگ حکومت بنائیگی' خرم دستگیر کا دعویٰ

28 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے مختلف تجاویز پر کام ہو رہا ہے

لاہور (یواین پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خرم دستگیر نے دعویٰ کیا ہے کہ گلگت بلتستان اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان صرف ایک نشست کا فرق رہ گیا ہے، (ن) لیگ ایک تہائی اکثریت حاصل کر چکی ہے اور حکومت بنانے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کی صوبوں کو منتقلی کے لیے نہ تو (بقیہ نمبر14)

سابق وزیراعظم بےنظیر بھٹو کا 73 واں یوم پیدائش 21 جون کو منایا جائے گا

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن، سابق وزیر اعظم محترمہ بےنظیر بھٹو کا 73 واں یوم پیدائش 21 جون کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سالگرہ تقریبات منعقد ہوں گی۔ محترمہ بےنظیر بھٹو شہید کے یوم پیدائش کے سلسلے میں اخبارات (بقیہ نمبر 16)

وزیرِاعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں پاکستان ریلویز کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بلوچستان میں آپریشن 14 دہشت گرد ہلاک

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا ہو جب بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گردوں کی طرف سے ان دونوں صوبوں کے کسی نہ کسی علاقے میں تخریب کاری کی کوئی کارروائی نہ کی جاتی ہو۔ ان کارروائیوں کی روک تھام کے لیے سکیورٹی فورسز ان دونوں صوبوں میں مسلسل آپریشنز کر رہی ہیں۔ اس نوعیت کے ایک تازہ آپریشن میں بلوچستان کے ضلع بیسمہ میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بنیاد پر بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 14 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کا ایک سپاہی شہید ہو گیا۔ مسلح افواج کے شعبۂ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق، آپریشن میں مارے گئے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا پولیس سٹیشن اور بینکوں پر حملے کا منصوبہ تھا۔ ان کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے فوری اور تیز آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی نقل و حرکت موثر طور پر روکی گئی۔ سکیورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا۔ دہشت گردوں کے زیر استعمال 4 گاڑیاں اور آئی ای ڈیز بھی تباہ کر دی گئیں۔ علاقے میں موجود کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ ادھر، پشاور کے حسن خیل میں خوارج کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے فیڈرل کانسٹیبلری کے 6 اہلکار شہید ہو گئے۔ مذکورہ دونوں صوبوں کو بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد اس لیے بھی مسلسل نشانہ بنانے میں کامیاب ہو رہے ہیں کیونکہ ان کے ساتھ افغانستان کی سرحد واقع ہے جو دہشت گردوں کو پناہ گاہیں مہیا کر کے بھارت کے ہاتھ مضبوط کر رہا ہے۔ اس حوالے سے سامنے آنے والے ثبوتوں اور شواہد کے باعث اس میں اب کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ بھارت نے پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی نیت سے اپنی پراکسیز کو پاکستان کے اندر دہشت گردی کے لیے متحرک کیا ہوا ہے۔ ان بھارتی سازشوں کو صرف عسکری کارروائیوں ہی نہیں بلکہ قومی یکجہتی ذریعے بھی ناکام بنانا نہایت ضروری ہے۔ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی شکل میں بھارتی پراکسیز کو ملک کی اندرونی کمزوریوں کے باعث اپنے عزائم کی تکمیل کے لیے تقویت اور معاونت حاصل ہوتی ہے، لہٰذا ہمیں قومی سطح پر جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ ہمارے نظام میں کہاں کہاں ایسی خامیاں پائی جاتی ہیں جن سے دشمن فائدہ اٹھا رہا ہے۔

خوابوں کی تعبیر یا امیدوں کی تجارت؟



اساتذہ کی محرومی معاشرے کی ناکامی میں شمار ہوتی ہے۔ تحصیل چوآسیدن شاہ ہمیشہ سے علم دوست لوگوں اور تعلیم کو اہمیت دینے والے خاندانوں کی سرزمین رہی ہے۔ یہاں کے والدین محدود وسائل اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باوجود اپنے بچوں خصوصاً بیٹیوں کی تعلیم پر اخراجات کو ایک روشن مستقبل کی ضمانت سمجھتے رہے ہیں۔ راقم کو وہ وقت بخوبی یاد ہے جب اساتذہ اور تعلیمی ادارے طلبہ اور والدین کو یہ باور کراتے تھے کہ تعلیم پر خرچ ہونے والی رقم ضائع نہیں ہوتی بلکہ یہ ایک ایسی سرمایہ کاری ہے جو مستقبل میں عزت، وقار، روزگار اور خوشحالی کی صورت میں کئی گنا بڑھ کر واپس آتی ہے۔ والدین کو یقین دلایا جاتا تھا کہ آج جو رقم فیسوں، کتابوں، یونیفارم اور اعلیٰ تعلیم پر خرچ کی جا رہی ہے اسے دراصل اپنے بچوں کے مستقبل کے بینک اکاؤنٹ میں جمع ہونے والی رقم سمجھا جائے، مگر راقم یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہے کہ اگر تعلیم واقعی روشن مستقبل کی ضمانت تھی تو آج اتنی بڑی تعداد میں تعلیم یافتہ نوجوان روزگار کے حصول کے لیے دربدر کیوں پھر رہے ہیں؟ ڈگریاں موجود ہیں، قابلیت موجود ہے، جذبہ موجود ہے مگر مواقع ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔ تحصیل چوآسیدن شاہ کے متعدد نجی تعلیمی اداروں میں صورتحال مزید تشویش ناک دکھائی دیتی ہے جہاں ایک طرف والدین سے باقاعدگی سے فیسیں وصول کی جاتی ہیں اور تعلیمی معیار کے بلند بانگ دعوے کیے جاتے ہیں جبکہ دوسری جانب انہی اداروں میں خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو بعض اوقات ایسی تنخواہیں دی جاتی ہیں جو موجودہ دور کے بنیادی اخراجات پورے کرنے کے لیے بھی ناکافی ہیں۔ کئی مقامات پر گرمیوں کی تعطیلات کی تنخواہیں روک لی جاتی ہیں اور بعض ادارے چھٹیوں سے قبل اساتذہ کو فارغ کر دیتے ہیں تاکہ چند ہزار روپے بچائے جا سکیں، پھر نئے تعلیمی سیشن کے آغاز پر نئے چہرے کلاس رومز میں نظر آتے ہیں۔ المیہ یہیں ختم نہیں ہوتا بلکہ بعض پرائیویٹ سکولز میں اساتذہ کی پہلے سے قلیل تنخواہوں میں سے بھی "سیکیورٹی" کے نام پر رقم کاٹ کر ادارے کے پاس بطور ضمانت رکھ لی جاتی ہے، لیکن جب یہی اساتذہ اپنی مرضی سے ملازمت چھوڑ دیں یا انہیں ملازمت سے فارغ کر دیا جائے تو کئی مواقع پر یہ سیکیورٹی رقم واپس کرنے سے صاف انکار کر دیا جاتا ہے۔ ظلم کی انتہا یہ ہے کہ پہلے ہی انتہائی کم تنخواہوں پر گزارا کرنے والے اساتذہ کی معمولی آمدن میں مزید کٹوتی کر کے انہیں ان کے جائز حق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ راقم کے نزدیک یہ صرف اساتذہ کے ساتھ ناانصافی نہیں بلکہ تعلیمی نظام کے استحکام کے لیے بھی نقصان دہ عمل ہے۔ سب سے زیادہ پریشان وہ والدین ہیں جو اپنی بیٹیوں کو اس امید کے ساتھ اعلیٰ تعلیم دلواتے ہیں کہ کل کو اگر زندگی میں مشکلات آئیں تو ان کی بیٹیاں تعلیم کی بدولت باعزت اور خودمختار زندگی گزار سکیں گی۔ دیہی علاقوں کے بے شمار والدین اپنی ضروریات قربان کر کے بچیوں کو کالجوں اور یونیورسٹیوں تک پہنچاتے ہیں مگر جب تعلیم مکمل ہونے کے بعد نہ سرکاری سطح پر مناسب تدریسی مواقع میسر آئیں اور نہ نجی شعبے میں محنت اور قابلیت کے مطابق معاوضہ ملے تو ان کی پریشانی بڑھنا فطری امر ہے۔ راقم سمجھتا ہے کہ یہ مسئلہ محض چند نجی سکولز یا چند نوجوانوں کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کے مستقبل کا مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی بے روزگاری مایوسی کو جنم دے رہی ہے اور مایوسی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ثابت ہوتی ہے۔ نجی تعلیمی اداروں کے مالکان کو بھی یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ تعلیم صرف منافع کمانے کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک قومی امانت ہے اور معمارانِ قوم کو محض سستی افرادی قوت سمجھنے کی روش کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے نیک شگون نہیں۔ اسی طرح حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ سرکاری سطح پر شفاف اور بروقت بھرتیوں کا عمل یقینی بنایا جائے اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں تاکہ والدین کی امیدیں اور نوجوانوں کے خواب دم نہ توڑیں۔ راقم کے نزدیک قوموں کی ترقی کا اصل پیمانہ بلند عمارتیں نہیں بلکہ وہ اعتماد ہے جو ایک استاد کے چہرے پر دکھائی دیتا ہے، وہ اطمینان ہے جو والدین کے دل میں موجود ہوتا ہے اور وہ امید ہے جو ایک طالب علم کی آنکھوں میں چمکتی ہے۔ اگر یہی امید بجھ گئی تو پھر ترقی کے تمام دعوے صرف الفاظ کا مجموعہ بن کر رہ جائیں گے۔ سوال یہ نہیں کہ کتنے سکول قائم ہیں، سوال یہ ہے کہ ان سکولوں سے نکلنے والی نسل کے لیے مستقبل کے دروازے کتنے کھلے ہیں۔ اگر تعلیم کے بعد بھی بے یقینی مقدر بن جائے تو پھر یہ سوال ہر گھر، ہر والدین اور ہر نوجوان کے ذہن میں گونجتا رہے گا آخر خوابوں کی اس تجارت کا حساب کون دے گا؟

28 ویں ترمیم اور بدلتا سیاسی منظرنامہ

پاکستان کی سیاست میں بعض اوقات واقعات اتنی تیزی سے رونما ہوتے ہیں کہ سوالات اور جوابات گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔ آج بھی کچھ ایسا ہی منظرنامہ ہے۔ ایک طرف 28 ویں آئینی ترمیم پر سیاسی جماعتوں کے موقف زیر بحث ہیں اور دوسری طرف گلگت بلتستان کے انتخابات کے بعد پیپلز پارٹی حکومت سازی کی پوزیشن میں آ چکی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سیاست کے طالب علم رک کر سوچنے پر مجبور ہیں کہ کیا یہ محض اتفاق ہے یا پھر سیاسی مفاہمتوں کا ایک اور باب لکھا جا رہا ہے؟۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اقتدار اور اصولوں کے درمیان کشمکش ہمیشہ سے موجود رہی ہے۔ سیاسی جماعتیں جب اپوزیشن میں ہوتی ہیں تو جمہوریت، آئین اور عوامی حقِ حکمرانی کی بات کرتی ہیں، لیکن اقتدار کے قریب پہنچتے ہی اکثر ان کی ترجیحات بدلتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں عوام کے ذہن میں یہ امید ہے جو ایک طالب علم کی آنکھوں میں چمکتی ہے۔ اگر یہی امید بجھ گئی تو پھر ترقی کے تمام دعوے صرف الفاظ کا مجموعہ بن کر رہ جائیں گے۔

سوال یہ نہیں کہ کتنے سکول قائم ہیں، سوال یہ ہے کہ ان سکولوں سے نکلنے والی نسل کے لیے مستقبل کے دروازے کتنے کھلے ہیں۔ اگر تعلیم کے بعد بھی بے یقینی مقدر بن جائے تو پھر یہ سوال ہر گھر، ہر والدین اور ہر نوجوان کے ذہن میں گونجتا رہے گا آخر خوابوں کی اس تجارت کا حساب کون دے گا؟

پاکستان کی سیاست میں بعض اوقات واقعات اتنی تیزی سے رونما ہوتے ہیں کہ سوالات اور جوابات گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔ آج بھی کچھ ایسا ہی منظرنامہ ہے۔ ایک طرف 28 ویں آئینی ترمیم پر سیاسی جماعتوں کے موقف زیر بحث ہیں اور دوسری طرف گلگت بلتستان کے انتخابات کے بعد پیپلز پارٹی حکومت سازی کی پوزیشن میں آ چکی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سیاست کے طالب علم رک کر سوچنے پر مجبور ہیں کہ کیا یہ محض اتفاق ہے یا پھر سیاسی مفاہمتوں کا ایک اور باب لکھا جا رہا ہے؟۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اقتدار اور اصولوں کے درمیان کشمکش ہمیشہ سے موجود رہی ہے۔ سیاسی جماعتیں جب اپوزیشن میں ہوتی ہیں تو جمہوریت، آئین اور عوامی حقِ حکمرانی کی بات کرتی ہیں، لیکن اقتدار کے قریب پہنچتے ہی اکثر ان کی ترجیحات بدلتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں عوام کے ذہن میں یہ امید ہے جو ایک طالب علم کی آنکھوں میں چمکتی ہے۔ اگر یہی امید بجھ گئی تو پھر ترقی کے تمام دعوے صرف الفاظ کا مجموعہ بن کر رہ جائیں گے۔

سوال یہ نہیں کہ کتنے سکول قائم ہیں، سوال یہ ہے کہ ان سکولوں سے نکلنے والی نسل کے لیے مستقبل کے دروازے کتنے کھلے ہیں۔ اگر تعلیم کے بعد بھی بے یقینی مقدر بن جائے تو پھر یہ سوال ہر گھر، ہر والدین اور ہر نوجوان کے ذہن میں گونجتا رہے گا آخر خوابوں کی اس تجارت کا حساب کون دے گا؟

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و راثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

شوبز SHOWBIZ

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی 14 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

شہنشاہ غزل مہدی حسن نے اپنی زندگی میں 25 ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں



لاہور (یو این پی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 14 ویں برسی (کل) 13 جون کو منائی جائے گی۔ مہدی حسن کا تعلق موسیقی کے کلاونت گھرانے سے تھا۔ وہ ہندوستان کی ریاست جے پور کے ایک گاں لونا میں 18 جولائی سنہ 1927 کو پیدا ہوئے تھے۔ مہدی حسن کے والد کا نام عظیم خان تھا اور ان کا تعلق بھی موسیقی کی دنیا سے تھا۔ مہدی حسن جب چھ سال کے ہوئے تو والد عظیم خان نے تان پورہ سر کر کے دیا اور کہا کہ یہی تمہارا کھلونا، یہی تمہارا مستقبل ہے۔ ننھا مہدی حسن تان پورہ سے راگوں کی شکلیں یاد کرنے لگا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد عظیم خان اور چچا اسماعیل خان سے حاصل کی۔ مہدی حسن بچپن سے ہی بہت جفاکش اور محنتی تھے۔ آواز اور سانس کی پختگی کے لیے وہ شدید جسمانی کسرت بھی کرتے تھے۔ یہ کسرت ان کی گائیکی کا اساس بنی اور ان کی سریلی آواز مزید نکھر گئی۔ مہدی حسن کے والد اور چچا مہاراجہ بڑودہ کے دربار سے وابستہ تھے۔ انھوں نے انتہائی کم عمری میں مہدی حسن کو اس قابل کر دیا کہ وہ مہاراجہ بڑودہ کے دربار میں اپنے فن کا مظاہرہ کر سکیں۔ مہدی حسن کے فن کو نکھارنے میں ان کے بھائی غلام قادر نے بھی اہم کردار ادا کیا جو لکھن کی موسیقی کی ممتاز درس گاہ کے فارغ التحصیل تھے اور اسی باعث پنڈت کہلاتے تھے۔ پنڈت غلام قادر کو موسیقی کے علاوہ سنسکرت، ہندی اور اردو پر بھی ماہرانہ عبور حاصل تھا۔ قیام پاکستان کے بعد مہدی حسن اور پنڈت غلام قادر لاہور چلے آئے۔ جہاں پہلے انھوں نے فلمی صنعت میں قدم جمانے کی کوشش کی مگر وہاں خاطر خواہ کامیابی نہ ملنے کے باعث وہ چیچہ وطنی چلے گئے جہاں انھیں سائیکلوں کی مرمت کا کام بھی کرنا پڑا۔ پھر انھوں نے کاروں کو ٹھیک کرنے کا کام سیکھا یہاں تک کہ مہارت سے انجن باندھ لیتے تھے تاہم موسیقی سے ان کا لگا جنون کی حد تک برقرار تھا۔ اسی زمانے میں انھوں نے ریڈیو پاکستان کراچی میں موسیقی کے پروگراموں کے حصول کے لیے آڈیشن دیا۔ اس کے بعد انھیں گاہے بہ گاہے ریڈیو پاکستان بلایا جانے لگا اور ساتھ ہی ساتھ وہ شادی بیاہ اور ایسی ہی دوسرے پروگراموں میں اپنی گائیکی کا جادو جگانے لگے۔ ان پروگراموں میں وہ زیادہ تر طلعت محمود کے گانے سناتے تھے۔ ہدایتکار رفیق انور کو ان کی گائیکی بہت پسند آئی اور انھوں نے مہدی حسن کو اپنی فلم شکار میں گانا گانے کی دعوت دی۔

بہت جلد لوگ مجھے دوبارہ اداکاری کرتے دیکھیں گے، اداکار سمیع ثانی

سمیع ثانی کو 90 کی دہائی میں اپنی شاندار اداکاری کی وجہ سے بہت شہرت حاصل ہوئی تھی

کراچی (یو این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار سمیع ثانی انسٹاگرام پر اپنی ریلز کے وائرل ہونے کے بعد آج کل سوشل میڈیا صارفین کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ سمیع ثانی کو 90 کی دہائی میں اپنی شاندار اداکاری کی وجہ سے بہت شہرت حاصل ہوئی تھی اور بعد میں انہوں نے ہدایت کاری کے میدان میں بھی کامیابی حاصل کی۔ حال ہی میں اداکار کی انسٹاگرام ریلز وائرل ہوئیں تو صارفین نے ان کے شوبز کیریئر کے بارے میں مختلف قسم کے سوالات کرنا شروع کر دیے۔ جس کے بعد سمیع ثانی نے ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب پر مداحوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے۔ اداکار سے یہ سوال بھی پوچھا گیا کہ کامیاب اداکار ہونے کے باوجود بھی انہوں نے اداکاری کیوں چھوڑ دی؟ سمیع ثانی نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں خود کو کامیاب نہیں سمجھتا، میں نے اداکاری اور ہدایت کاری سمیت سب کچھ کیا لیکن میرا یقین ہے کہ کامیابی اللہ کے ہاتھ میں ہے، یہ بات میں مانتا ہوں کہ مجھے اداکاری میں پزیرائی ملی اور اسی لیے میں اس شعبے میں کام کرتا رہا۔ انہوں نے اداکاری چھوڑنے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ میں برج دلو سے تعلق رکھتا ہوں، اس لیے میرے اندر ایک بے چین روح موجود ہے، میں ایک کام بہت لمبے عرصے تک نہیں کر سکتا، بوریت ہونے لگتی ہے، اس لیے مختلف قسم کے تجربات کرتا رہا اور آج تک کر رہا ہوں۔ سمیع ثانی نے کہا کہ انسان کبھی بھی مطمئن نہیں ہو سکتا، کیونکہ زندگی ایک سفر ہے جو چلتا رہتا ہے، میں نے اداکاری اور ہدایت کاری باقاعدہ سیکھی بھی نہیں ہے، بس اچھے مواقع مل گئے تو تجربات سے سیکھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ابھی میں ڈائریکشن کر رہا ہوں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں نے اداکاری چھوڑ دی ہے، بہت جلد لوگ مجھے دوبارہ اداکاری کرتے دیکھیں گے، میں نے بطور ہدایت کار یکے بعد دیگرے 7 سے 8 ڈرامے بنائے جو کہ ابھی مختلف ٹی وی چینلز پر نشر ہو رہے ہیں۔ سمیع ثانی نے یہ بھی بتایا کہ مسلسل کام کی وجہ سے تھوڑا تھک گیا ہوں تو کچھ وقت کے لیے بریک لیا ہے۔

سونم کپور کا ایشوریا رائے کو آنٹی کہنے کا تنازع پھر اٹھ گیا

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ اداکارہ سونم کپور کا 2009 میں دیا گیا ایک متنازع بیان ایک بار پھر سوشل میڈیا پر زیرِ بحث آ گیا ہے، جس میں انہوں نے اداکارہ ایشوریا رائے کو آنٹی قرار دیا تھا۔ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا تھا جب سونم کپور نے ایک بین الاقوامی بیوٹی برانڈ کی سفیر کے طور پر ایشوریا رائے کی جگہ لی تھی، تاہم سونم کے آنٹی کہنے سے متعلق بیان کی ویڈیو ایک بار پھر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے، لیکن اس کے وائرل ہونے کی وجہ سامنے نہ آ سکی۔ ایک موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سونم کے نام سے یہ بیان منسوب کیا گیا تھا کہ ایشوریا آنٹی ہیں، اس وقت ایشوریا رائے کی عمر 36 سال تھی، جس کے بعد مداحوں کی جانب سے شدید ردِعمل سامنے آیا اور سونم پر عمر کے حوالے سے نامناسب تبصرہ کرنے کا الزام لگایا گیا۔ بعد ازاں سونم کپور نے ایک انٹرویو میں اپنی وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ ایشوریا رائے نے میرے والد انیل کپور کے ساتھ متعدد فلموں میں کام کیا ہے، اس لیے میں انہیں احتراماً آنٹی کہتی ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ لفظ کسی توہین یا عمر پر تنقید کے لیے نہیں بلکہ خاندانی اور روایتی احترام کے تناظر میں استعمال کیا گیا تھا۔

WAPDA
Decade of Dams
INVITATION TO E-BID

1. The Pakistan Water and Power Development Authority, WAPDA (the Employer) through Resident Engineer, Jinnah Hydel Power Station WAPDA, Kalabagh invites electronic bids from firms/contractors registered with Income Tax and Sale Tax Department and who are on Active Tax Payers List (ATL) of FBR will be eligible for participating/obtaining e-bidding documents for following repair works of JHPS:

Sr. No.	Tender No.	Description	Time for Completion of Contract	Bid Security (Rs.)	Closing Date & Time for submission/ Uploading of bids	Date & Time of opening of bids
01	JHPS/ITR/ RRP-155R	Repair of Damaged Rotor Poles for JHPS	03 Months	150,000/-	02.07.2026 Upto 1030 hrs	02.07.2026 at 1100 hrs

2. E-Bidding documents as per regulations, containing detailed terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on EPADS at (www.eprocure.gov.pk).
3. The electronic bids must be submitted by using EPADS on or before (bid closing date and time) as mentioned above. Manual bids, shall not be accepted. Electronic Bids will be opened on the same day in *Conference Room of the Office of Resident Engineer, Jinnah Hydel Power Station, WAPDA Kalabagh District Mianwali*, in presence of the bidders designated representatives. Single Stage One Envelope procedure shall be followed for the procurements.
4. Each bidder shall furnish a Bid Security mentioned against the tender in the form of CDR in favor of **R.E JHP Station Kalabagh Coll: A/c No. 158337100642 (IBAN: PK 10 UNIL 0112158337100642)** (The name of firm must be mentioned on CDR).
5. The copy of CDR shall be uploaded with electronic bids and CDR (in original) along-with one (01) copy of bidding document must be submitted to the office of the undersigned on or before the closing date & time of e-bid submission.
6. Notification of GRC constituted in terms of Rule-48 of PPRA rules, 2004 is provided on EPADS at www.eprocure.gov.pk and www.ppra.gov.pk.

Note: This advertisement is also available at Wapda's Website www.wapda.gov.pk & PPRA's website www.ppra.gov.pk.

Resident Engineer-JHPS, WAPDA, Kalabagh (Mianwali)
E-mail: re_jhm@yahoo.com, ITRE Cell No. 0321-4336063
PID(L)3428/25 PRD(L)/WAPDA/397(2025-26)

بقیہ 1

مغویوں کی بحفاظت رہائی کی یقین دہانی کرائی ہے، پنٹ لینڈ کے قبائلی رہنماؤں سے بھی قزاقوں کے ساتھ رابطوں کے لیے مشاورت جاری ہے، بھارت کی پانی روکنے کی کوشش کے دوررس نتائج نکلیں گے، پاکستان کی بقااور ترقی کیلئے ضروری پانی کوجان بوجھ کرروکنے کی کوئی بھی کوشش دوررس نتائج کی حامل ہوگی۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں دفتر خارجہ کے ترجمان طاہراندرابی نے کہا کہ پانی روکنے کے کسی بھی اقدام کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائیگا اور یہ ممکنہ طور پراقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت جنگی اقدام کے مترادف سمجھا جاسکتا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ طاہراندرابی نے کہا کہ پانی کوروکنے یااس میں نمایاں کمی لانے کی کوئی بھی کوشش، جو 25 کروڑ سے زائد پاکستانیوں کی روزی روٹی، زراعت اور فلاح و بہبود کیلئے ناگزیر ہے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اقدام ہوگا، ایسا اقدام سرحد پاردریاں سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں اور پاکستان و بھارت کے درمیان موجود دوطرفہ معاہدے کی بھی خلاف ورزی ہوگا۔وزارت خارجہ کے ترجمان طاہراندرابی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس تصور کومکمل طور پرمسترد کرتا ہے کہ پانی کوسیاسی ہتھیار، دباؤ ڈالنے کے آلے یازبردستی کے وسیلے کے طور پراستعمال کیا جائے، ایسااقدام نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ اس سے باہر بھی علاقائی امن و سلامتی کے لیے خطرہ بن سکتا ہے، اگرایسی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو بین الاقوامی امن وسلامتی کو لاحق خطرے کی ذمہ داری مکمل طور پر بھارت پر عائد ہوگی، پاکستان کے آبی وسائل سے متعلق حقوق اور مفادات ناقابل سمجھوتہ ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنے ان حقوق کے دفاع کے لیے سفارتی، سیاسی، قانونی، اقتصادی اور بین الاقوامی قانون اوراقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق دستیاب دیگرتمام ذرائع کوبھرپورانداز میں استعمال کرے گا، پاکستان کی بقااورترقی کے لیےضروری پانی کوجان بوجھ کرروکنے کی کوئی بھی کوشش ایک نہایت سنگین اقدام ہوگی جس کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے، جیسا کہ پاکستان کی اعلیٰ قیادت پہلے ہی واضح کرچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہرریاست کواپنے دفاع کا حق حاصل ہے، اور پاکستان اپنی معیشت، قومی مفادات اور 25 کروڑعوام کی جانوں کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گا، بھارت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا احترام کرے اور ایسے بیانات اور اقدامات سے گریز کرے جو خطے میں کشیدگی کومزید بڑھا سکتے ہیں۔دفتر خارجہ نے کہا کہ کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع خطہ ہے، بھارت غیر ذمہ دارانہ بیانات کے ذریعے مقبوضہ کشمیر سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔

بقیہ 2

جہاں انہوں نے اوقاف زونل آفس راولپنڈی میں زونل ایڈمنسٹریٹر (ZA) اورتمام مینیجرز کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں مینیجرز کوتفویض کردہ کارکردگی کے اہداف (AssignedTargets) کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ جامعہ خاتم النبیین (اتحاد بین المسلمین کمیٹی) سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام پرمشتمل 3 اعلیٰ سطحی امن وفود تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز روانہ کیے گئے تاکہ دورہ علماء کرام برائے محرم 2026 پالیسی کے تحت ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کرفرقہ وارانہ ہم آہنگی کوفروغ دیا جائے اور صوبائی امن کو سبوتاژ کرنے والے شرپسند عناصر کوناکام بنا کرمحرم الحرام نہایت عقیدت واحترام سے منایا جاسکے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ محرم الحرام کے دوران تمام مجالس اورجلوسوں کے روٹس پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات، مساجد و امام بارگاہوں میں ضابطہ اخلاق کی پابندی، اور لنگر و سبیلوں کے دوران صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کویقینی بنایا جائے گا؛ اس موقع پر انہوں نے اوقاف املاک کے پٹہ جات، ٹھیکہ جات، ریونیواہداف اور ریکوریوں کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ہدایات جاری کیں کہ اوقافی زمینوں اور دکانوں کے ٹھیکہ جات کوشفاف بنایا جائے اور مالیاتی مانیٹرنگ کے جدید طریقے اپنا کرعوامی فلاح کے لیے ریونیو میں اضافہ یقینی بنایا جائے؛ بعدازاں، سیکریٹری اوقاف نے درگاہ حضرت بابا شاہ سلیمان نوری (ٹالیاں والی سرکار) پرحاضری دی، چادر پوشی کی اور ملک و قوم کی سلامتی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی جس کے بعدانہوں نے جامعہ مسجد کا بھی دورہ کیا اور وہاں حفظ وقرأت قرآن کی سعادت حاصل کرنے والے طلبہ سے ملاقات کر کے ان کی حوصلہ افزائی بھی کی؛ جبکہ دریں اثناء ڈاکٹر احسان بھٹہ نے پنجاب سکاؤٹس کالج گھوڑا گلی (مری) میں جاری سمر کیمپ کا بھی تفصیلی دورہ کیا جہاں پنجاب بھر سے آئے 400 عام طلبہ اور محکمہ خصوصی تعلیم کے 300 معذور بچوں (ScoutsDisabled) نے "سکاؤٹس انگوری" کیمپ میں فرسٹ ایڈ، ایمرجنسی کیئر، کیمپ اسکلشن اور بقا کی مہارتوں (SkillsSurvival) کی تربیتی سرگرمیوں میں حصہ لیا؛ سیکریٹری اوقاف نے بچوں کے غیر معمولی عزم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان میں ایوارڈز تقسیم کیے اور وہاں سکاؤٹس ہاسٹل، اسٹورز اور پلیٹ فارمز کی تعمیر کے لیے جاری 74 ملین روپے کے ترقیاتی منصوبے کی پیشرفت کا معائنہ بھی کیا۔

بقیہ 3

شکیلہ جاوید شامل ہیں۔ کاکس کمیٹی کے باقی اراکین اسمبلی میں قدسیہ بتول، سمرین تاج، وسیم انجم، ماریا طلال اور بسروجی نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر چیف کوآرڈینیٹر برائے اقلیتی امور پنجاب راحیلہ خادم حسین، چیف وہپ مسلم لیگ (ن) رانا محمد ارشدایم پی اے، اولیس دریشک ایم پی اے، عطیہ افتخار ایم پی اے اور اسپیکر پنجاب اسمبلی کے مشیر اسامہ خاور گھمن بھی موجود تھے۔اجلاس میں مختلف مسیحی فرقوں کے ممتاز مذہبی رہنماؤں اور نمائندگان نے بھی شرکت کی، جن میں آرچ بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل، آرچ بشپ خالد رحمت، فادر جیمز چنن، بشپ ابراہام عظیم ڈینئیل، سیموئیل پایارا، رومانہ بشیر، ریورنڈ اظہر مشتاق اورمس کیتھرین سپنا شامل تھے۔ اس کے علاوہ سماجی کارکنان، قانونی ماہرین اور کمیونٹی نمائندگان کی بڑی تعداد بھی اجلاس میں شریک ہوئی۔ کنوینر فالیوس کرسٹوفر نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے قانون سازی کے عمل میں ان کی فعال شرکت کوسراہا۔اجلاس کے دوران مجوزہ بل کا شق وار جائزہ لیا گیا اورمختلف تجاویز پرغور کیا گیا تاکہ یہ قانون مسیحی برادری کی ضروریات اور تحفظات کا بہتر انداز میں احاطہ کر سکے۔اس موقع پر اسپیکر پنجاب اسمبلی کے مشیر اسامہ خاور گھمن نے کاکس کے سامنے بل پیش کرتے ہوئے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور شمولیتی قانون سازی کے وژن سے شرکاء کوآگاہ کیا۔انہوں نے گزشتہ دو برسوں کے دوران اسمبلی کی قانون سازی کی اہم کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ بل 1872 کے فرسودہ قانون کی جگہ ایک جدید قانونی فریم ورک فراہم کرے گا۔ مجوزہ قانون کے تحت مرد اور عورت دونوں کے لیے شادی کی کم ازکم عمر 18 سال مقرر کی گئی ہے، آزادانہ رضامندی کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے، شادی کے اندراج اور رجسٹریشن کے نظام کو مزید شفاف بنایا گیا ہے اور مسیحی شہریوں کے حقوق کے قانونی تحفظ کو مضبوط کیا گیا ہے۔تفصیلی مشاورت کے بعد شرکاء نے متعدد اہم امور پر اتفاق رائے کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ مجوزہ قانون سازی کو مسیحی برادری، رجسٹرڈ گرجا گھروں اور حکومتی پالیسیوں کے تناظر میں مزید بہتر بنایا جائے۔ اجلاس کے شرکاء نے بل کے مقاصد اور افادیت کوسراہتے ہوئے مزید تجاویز تحریری طور پر جمع کروانے کی ضرورت پرزوردیا تاکہ انہیں قانون سازی کے عمل میں شامل کیا جا سکے۔شرکاء نے اقلیتوں کے حقوق کے فروغ اورتحفظ کے لیے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی کاوشوں کوسراہا۔ کاکس نے یقین دہانی کرائی کہ چرچ رہنماؤں، قانونی ماہرین اور کمیونٹی نمائندگان کی جانب سے پیش کی جانے والی تمام تعمیری تجاویز اور ترامیم کا بغور جائزہ لیاجائے گا تاکہ ایک جامع، موثراورعوامی توقعات سے ہم آہنگ قانون تشکیل دیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر چیف کوآرڈینیٹر برائے اقلیتی امور پنجاب راحیلہ خادم حسین نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پنجاب بھر میں اقلیتی برادریوں کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبوداور ترقی کے لیےاپنےعزم کااعادہ کیا۔

بقیہ 4

جائے اوراعلیٰ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے منصوبے کی بروقت تکمیل کوہرصورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے ورکنگ سائٹ کومکمل طور پرکور کرنے اورحفاظتی انتظامات کومزید بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی تاکہ تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران عوام کوکسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ رنگ روڈ پولیس دوران تعمیر ٹریفک کے بہاؤ کو ہرصورت برقرار رکھے تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات پیش نہ آئیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت لاہور رنگ روڈ پر بیوٹیفکیشن، تعمیراتی اور بحالی کے کام تیزی سے جاری ہیں اوران منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کوبہترسفری سہولیات میسرآئیں گی۔

بقیہ 5

ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کوکم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پرسختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کاخیال رکھیں۔ایمرجنسی اعدادوشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کوموصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 862 ڈرائیوز، 56 کم عمر ڈرائیور، 489 مسافر اور 152 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔اعدادوشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 230 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 0 3 2 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 7 5 حادثات میں 8 7 متاثرین کے ساتھ دوسرے ، فیصل آباد 6 9 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1 4 8 5 متاثرین میں 1 1 6 9 مرد اور 334 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 238 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 847 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 418 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1372 موٹرسا[illegible] آٹو رکشہ [illegible] کاریں [illegible] ویگن 08 مسافر بسیں، 41 ٹرک اور 53 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 6

یراعلیٰ مریم نوازشریف نے سخت گرمی کے پیش نظر دفاتر میں آنے والے سائلین کیلئے ٹھنڈے پانی کا مناسب بندوبست کرنے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے بہت زیادہ گرمی اورلو کے پیش نظر بلاضرورت گھر سے نکلنے سے پرہیز کرنے کی اپیل بھی کی اور کہا کہ خواتین، بزرگوں اور بچوں سخت گرمی کے موسم میں خصوصی خیال رکھا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ سکول سمرکیمپ میں طلبہ اوراساتذہ کے لئے ٹھنڈا پانی، پنکھے اورایئر کولرضرورنصب کیے جائیں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ گرم ترین موسم کی شدت اورحدت کا مقابلہ کرنے کیلئے بچاؤ اوراحتیاط ہی مناسب تدابیر ہے۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ٹریفک پولیس کوچلچلاتی دھوپ میں موٹرسائیکل سواروں کو بلاضرورت کھڑا نہ کرنے کی ہدایت کی ہے ۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے مزید ہدایت کی کہ بائیک پرفیملی یابچے سوار ہونے کی صورت میں دھوپ میں روکنے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 7

امجد رفیق نے کیس کی ساعت کرتے ہوئے ملک میں خواتین کے ازدواجی استحصال کوروکنے کے لیے قانون سازی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔اس حوالے سے درج کرائے گئے مقدمے میں کہا گیا تھا کہ ملزم نے اپنی بیوی کی عزت کا سودا اس لیے کیا، کیوں کہ ملزم شوہر نے کسی دوسرے شخص سے قرض لے رکھا تھا اور رقم واپس نہ کر پانے کی صورت میں اس نے مبینہ طور پر اپنی سگی بیوی کو اس مرد کے پاس بھیج دیا۔معلوم ہوا ہے کہ جسٹس امجد رفیق نے کیس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد ملزم کی ضمانت تو منظور کر لی، تاہم اس کی بنیادی وجوہات قانونی سقم اور شواہد کی کمی بنی، عدالت نے قرار دیا کہ واقعے کی رپورٹ اور ایف آئی آر کے اندراج میں ضرورت سے زیادہ اور طویل تاخیر کی گئی، جس کا فائدہ قانون کے مطابق ملزم کو ملا، کیس میں کسی بھی قسم کے ٹھوس میڈیکل شواہد یا ویڈیو ثبوت دستیاب نہیں ہیں جو جرم کو بلا شبہ ثابت کرسکیں۔بتایا جارہا ہے کہ اس کیس میں نامزد مرکزی یا شریک ملزم کی ضمانت پہلے ہی منظور ہو چکی تھی، جس کی بنیاد پر عدالت عالیہ نے ملزم شوہر کی ضمانت بھی منظور کرلی، اگرچہ ملزم کو قانونی خامیوں کی وجہ سے ریلیف مل گیا، لیکن عدالت نے اس معاملے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کو اس قسم کے گھناؤنے حالات کا سامنا ہے، خواتین کے حقوق اوران کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ملک کی پارلیمنٹ ازدواجی استحصال سے متعلق ایک نیا، جامع اور سخت قانون متعارف کرائے تاکہ کوئی بھی شوہر اپنی بیوی کو کسی بھی لالچ یا مجبوری کے تحت ڈھال یا متبادل کے طور پراستعمال نہ کر سکے۔

بقیہ 8

اچانک دورہ کیا اور گندم کے ذخیرے، ریکارڈ اور فراہمی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے فلور ملز میں موجود گندم کے اسٹاک رجسٹر، خرید و فروخت کے ریکارڈ سمیت ذخیرہ شدہ گندم کی مقدار کی جسمانی تصدیق کی۔ انہوں نے مل مالکان کو ہدایت کی کہ سرکاری پالیسی اور مقررہ ضوابط کے مطابق گندم اور آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور اسٹاک سے متعلق مکمل تفصیلات متعلقہ محکموں کو فراہم کی جائیں اسسٹنٹ کمشنر زرار احمد خان خلیلی نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری یا مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو معیاری آٹا مناسب قیمت پر فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے اس موقع پر کہا کہ فلور ملز کی باقاعدہ نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ گندم اور آٹے کی فراہمی کوشفاف بنایا جا سکے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 9

سوار تین بھارتی لاپتا ہیں۔خبررساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی فورسز کی تنبیہ کونظرانداز کرنے پراسٹیبلیو نامی پالا کے پرچم بردار آئل اور کیمیکل ٹینکر کے انجن کونشانہ بنایا۔بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جہاز اس حملے کے بعد چلنے سے قاصر ہوگیا۔جس کے ذریعے مبینہ طور پرایران سے تیل کی ترسیل جاری تھی حالانکہ امریکا نے پابندی عائد کررکھی ہے اور ناکہ بندی بھی ہے۔دوسری جانب بھارتی وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ اس آئل ٹینکر پر 24 بھارتی ملاحوں میں سے 21 کو بحفاظت بچا لیا گیا جبکہ تین افراد تاحال لاپتا ہیں۔عمان میں بھارتی سفارت خانہ مقامی حکام کے ساتھ مل کر تینوں بھارتیوں کی تلاش میں جاری ریسکیو آپریشن کی نگرانی کر رہا ہے۔بھارت نے واقعے پرسخت ردعمل دیتے ہوئے امریکی ڈپٹی چیف آف مشن کو طلب کیا اور باضابطہ احتجاج ریکارڈ کرایا۔بھارتی حکومت نے کہا کہ خطے میں تجارتی جہازوں اور شہری انفراسٹرکچر کونشانہ بنانا فوری طور پر بند ہونا چاہیے۔

بقیہ 10

منٹگمری روڈ سے 60 ہزار روپے میں موٹرسائیکل خریدی۔خریداری کے وقت انہیں موٹرسائیکل نئی قراردے کرفروخت کی گئی۔درخواست کے مطابق بعدازاں معلوم ہوا کہ موٹرسائیکل دراصل پرانی تھی جسے رنگ وروغن کرکے نئی شکل دی گئی اورخریدار کو دھوکے سے فروخت کیا گیا۔صارف عدالت نے درخواست پرکارروائی کرتے ہوئے منٹگمری روڈ کے دکاندار پرویز کونوٹس جاری کر دیا اور 17 جون کو جواب سمیت طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 11

نشست میں ماہرین تعلیم، دانشوراورمتعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔کیس لاہور کے ریسرچ اسسٹنٹ امجد فراز نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ڈاکٹر فیاض حسین شاہ، ڈائریکٹر آئی ای ڈی سی، نسٹ نے پانی کی سلامتی کوقومی سلامتی کا ایک لازمی جزوقرار دیااورانسانی سلامتی پراس کے براہ راست اثرات کواجاگر کیا۔انہوں نے پانی کی عدم دستیابی سے نمٹنے کے لیے استحکام پیدا کرنے کی ضرورت پرزوردیااورموسمیاتی تبدیلی کے خطرات کو دوچند کرنے والے عنصر کے طور پرپیش کیا۔سندھ طاس معاہدے اور بھارت کی پانی سے متعلق ہٹ دھرمی، یعنی معاہدے کو معطل کر دینے، کے حوالے سے آبی سیاست پر بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ ڈاکٹر شاہ نے بھارتی اثرورسوخ کے تحت افغانستان کی جانب سے دریائے کابل کے بہاؤ میں ردوبدل کا مسئلہ بھی اٹھایا۔ پاکستان کے زیر زمین پانی کے ذخائر، پانی کے ضیاع اور اندرونی تقسیم کے چیلنجز کو یکجا کرتے ہوئے ڈاکٹر شاہ نے موقف اختیار کیا کہ پاکستان کوردعمل پرمبنی انتظام کاری سے آگے بڑھ کر پانی کی سلامتی کو پوری حکومت کی سطح پرایک مشترکہ چیلنج کے طور پرقبول کرنا ہوگا۔ایس ڈی پی آئی کے سینئر مشیر برائے آبی گورننس، جناب نصیرمیمن نے زور دے کر کہا کہ پاکستان آبی دیوالیہ پن کی دہلیز پرپہنچ چکا ہےاوراس کی بنیادی وجہ آبادی میں بے تحاشہ اضافے کوقرار دیا۔انہوں نے نہروں کی رسائی سے پانی کے ضیاع اور کھاری پن وآب زدگی کے باعث قابل کاشت زمین کے نقصان کوفصلوں کی پیداوار پر پڑنے والے منفی اثرات کے تناظر میں زیر بحث لایا۔ جناب میمن نے دریائے سندھ کے ڈیلٹا اور اس کے مینگروز کی اہمیت کونمایاں کیا جوقدرتی آفات کے خلاف ایک فطری سپر کا کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے پانی کی آلودگی اور زیرزمین پانی کے ضابطہ کاری کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی۔آبادی پر قابوپانے، کاشتکاری کے طریقوں میں اصلاح، زیر زمین پانی کی مصنوعی بھرپائی، خودمختار ریگولیٹری ادارے، اور پانی کی تقسیم میں شفافیت کوآگے بڑھنے کی راہ کے طور پرپیش کیا گیا۔اپنے اختتامی کلمات میں ایئر مارشل (ریٹائرڈ) عاصم سلیمان، صدر کیس لاہور نے کہا کہ پاکستان میں پانی کا بحران اب محض ایک نظری خطرہ نہیں بلکہ ایک ٹھوس حقیقت بن چکا ہے۔انہوں نے زیرزمین پانی پر پاکستان کا بڑھتا ہوا انحصار، قومی موافقت کی ضرورت اورصوبوں کی آبی ضروریات کو پورا کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔آبی شعبے سے متعلق متعدد پالیسیوں اورحکمت عملیوں کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے پالیسی کے ارادوں اوران کے عملی نفاذ کے درمیان خلیج کو پاٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یک طرفہ معطلی، جو کئی دہائیوں تک بلاتعطل قائم رہا، نے سیاسی غیر یقینی صورتحال پیدا کردی ہے۔صدر کیس نے موسمیاتی دباؤ سے بھرے مستقبل میں استحکام کی تعمیر کے لیے صلاحیت سازی اور دوراندیش ریاستی حکمت عملی کی اشد ضرورت پر زور دیا۔نشست کا اختتام ایک پُرجوش تعاملی سیشن پر ہوا جس میں غذائی سلامتی، آبی نظریے، موسمیاتی سفارت کاری اور مقامی حکمرانی کے موضوعات پرگفتگو ہوئی۔شرکاء نے اس فکرانگیز اوربصیرت افروز نشست کے انعقاد پرکیس لاہور کی پرُخلوص کاوشوں کوسراہا۔

بقیہ 12

کرنے والے ذوالفقارعلی بھٹو کے بعد دوسرے شخص بننے جا رہے ہیں ،حکومتی اعدادوشمار کے مطابق معیشت کی رفتار آبادی کی رفتار سے کم ہے، پاکستان کی تاریخ میں اس سے بدترین کارکردگی کبھی کسی حکومت کی نہیں رہی، آج پاکستان میں سرمایہ کاری 50 سال کی کم ترین سطح پرآ گئی ہے ۔انہوں نے کہا کہ آج ہم انسداد دہشتگری عدالت میں کھڑے ہیں لیکن پاکستان کے ساتھ حکومتیں جو دہشتگردی کر رہی ہیں کیاان کو بھی یہاں پیش نہیں کرنا چاہیے۔کہا گیا آنے والا بجٹ آئی ایم ایف کا بجٹ ہوگا جب جہاز خریدے جاتے ہیں تواس وقت تو آئی ایم ایف انہیں نہیں روکتا، سکیمیں بنا کر جولوگ امیر ہوگئے ہیں ان سے ٹیکس ووصول کرنے سے بھی نہیں روکتا ،جوشخص بس میں سفرکرتا ہے اسے ٹیکس دینا پڑتا ہے ،اس بجٹ میں حکومت 1500 ارب کا ٹیکس وصول کرنے جارہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیاستدانوں کا کام ہی نہیں کہ کسی کو جیل میں ڈالنے کا کہے، یہاں عدالتیں انصاف کے نظام کے لئے بنی ہوئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت دنیا میں جنگ چھڑ گئی ہے، اسرائیل دنیا کا خطرناک ترین ملک ہے ،اسرائیل دنیا کے امن کے لئے خطرہ بن چکا ہے ،امریکہ نے ایران پرحملہ کیا اس میں پاکستان کا قصورتو نہیں لیکن حکومت نے لیوی 50 روپے سے بڑھا کر 1 1 3 روپے لیوی کردی ، پی ٹی آئی حکومت نے عوام پرٹیکس لیوی صفر کردی تھی ۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ سہیل وڑائچ صاحب جورازدیاں جانتے ہیں وہ ہم تونہیں جانتے ،اب اس حکومت کو چاہیے یہ معافی مانگ لے،اس حکومت نے صرف اپنے کیسز بند کروانے تھے وہ کروا لیے ہیں، پاکستان کوعوام کوفیصلہ کرنے دیں جب پاکستان کی عوام فیصلہ کرے گی ملک کی بہتری شروع ہوجائے گی۔

بقیہ 13

"عسکریت پسندی کی واپسی کی مخالفت" کا ذکر کیا گیا تھا، جس پرجاپانی حکومت نے ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ جاپان کاایک پُرامن ملک کے طور پر ترقی کا راستہ تبدیل نہیں ہوا۔اس حوالے سے چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے پریس کانفرنس میں کہا کہ عسکریت پسندی کی مخالفت بین الاقوامی برادری کی غیر متزلزل مشترکہ خواہش ہے۔جاپان بظاہر "امن" اور "دفاع" کی بات کرتا ہے، لیکن حقیقت میں وہ تیزی سے "دوبارہ عسکریت پسندی" کی راہ پرگامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپان نے اپنے نام نہاد "امن پسند ملک" ہونے کانقاب خودہی اتارلیا ہے۔اسی پریس کانفرنس میں جاپان کی لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کیسابق صدر یوہی کونو کے انتقال پرترجمان لین جیان نے کہا کہ چین یوہی کونو کے انتقال پر تعزیت کااظہارکرتا ہے۔ان کا کہنا تھاکہ یوہی کونو چینی عوام کاایک پرانے دوست تھے۔انہوں نے 1993 میں جاپان کے چیف کابینہ سیکرٹری کی حیثیت سے "کمفرٹ وومن" کے مسئلے پرتاریخی بیان دیا تھا، جس میں جاپانی حکومت کی ذمہ داری کو تسلیم کرتے ہوئے اس معاملے پرغور وفکر اور معذرت کا اظہار کیا گیا تھا، اورآج تک ان کا درست تاریخی موقف جاپان میں مثبت اثرات رکھتا ہے۔

بقیہ 14

کسی آئینی ترمیم کی ضرورت ہےاورنہ ہی این ایف سی ایوارڈ میں تبدیلی لازمی ہے، بلکہ یہ کام باہمی اتفاق رائے سے بھی کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 15

ویں سالگرہ منائی جارہی ہے۔ یہ دورہ جنرل سیکرٹری شی جن پھنگ کا سات سالوں میں شمالی کوریا کاپہلا سرکاری دورہ تھااوررواں سال کا پہلا غیرملکی دورہ بھی تھا۔ یہ نہ صرف چین اورشمالی کوریا کے درمیان اٹوٹ روایتی دوستی کی علامت ہے بلکہ یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ اعلیٰ ترین سطح کی تزویراتی رہنمائی چین اورشمالی کوریا تعلقات کی سب سے بڑی قوت ہے۔ دورے کے دوران، دونوں جماعتوں اورممالک کے اعلیٰ ترین رہنماؤں نے بات چیت کی اور نئے دور میں چین-شمالی کوریا تعلقات کوفروغ دینے پراہم اتفاق رائے حاصل کیا۔"سیاسی باہمی اعتماد کی بنیاد کومضبوط کرنے کے لیے رہنمااصول کے طور پراعلیٰ سطح کے تبادلوں پرعمل پیرا ہونا،" "عملی تعاون کی سطح کو بڑھانے کے لیے لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے مقصد پر قائم رہنا،" "عوام کے رشتے کومضبوط کرنے کے لیے محرک قوت کے طور پردوستی کی وراثت پرکاربند رہنا،" "انصاف ومساوات کے اصولوں کی بنیاد پرتزویراتی تعاون کومزید گہرا کرنا۔"جنرل سیکرٹری شی جن پھنگ نے مذکورہ چار نکاتی تجویز کے ذریعے نئے دور میں چین-شمالی کوریا تعلقات کی ترقی کے لیےایک خاکہ پیش کیا اور رہنمائی فراہم کی۔چین شمالی کوریا کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔جنرل سیکرٹری شی جن پھنگ نے تجویز پیش کی کہ دونوں ممالک کو تجارت، زراعت، تعمیرات، سائنس و ٹیکنالوجی اورصحت کی دیکھ بھال میں عملی تعاون کو بڑھانا چاہیے اور دونوں ممالک کے شہریوں کے باہمی روابط میں اضافے کے لئے تبادلوں کوفروغ دینا چاہئے۔ ان اقدامات سے چین-شمالی کوریاتعاون کے معیارمیں مزیداضافہ ہو گااوردونوں ممالک کی جدیدکاری کوفروغ ملے گا۔ ایک نئے نقطہ آغاز پر کھڑے ہوکر اور دونوں جماعتوں اور ممالک کے اعلیٰ ترین رہنماؤں کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے کوعملی جامہ پہناتے ہوئے، چین-شمالی کوریا تعلقات یقیناً علاقائی اورعالمی امن، استحکام، ترقی اورخوشحالی کوفروغ دینے میں زیادہ سے زیادہ کرداراداکریں گے۔

بقیہ 16

خصوصی ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ پی ٹی وی اور نجی وی چینلز سے بھی محترمہ بےنظیر بھٹوشہید کے حالات زندگی پرمبنی دستاویزی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔

بقیہ 17

ایک تقریب کے دوران پنجاب کے وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے وی ڈی ایس کے ٹیسٹ رن کا افتتاح کیا۔اس موقع پرسیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری ارشد بیگ، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی اُم لیلیٰ اور پنجاب بھر سے آئے میونسپل آفیسرز بھی موجود تھے۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پراجیکٹ منیجمنٹ یونٹ (پی ایم یو) اور پی آئی ٹی بی کی ٹیم کے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آج ایک تاریخی موقع ہے۔وی ڈی ایس وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کے ڈیجیٹل گورننس ویژن کی جانب اہم قدم ہے۔ وزیراعلیٰ جلد وی ڈی ایس کا باضابطہ افتتاح کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ سیٹلائٹ مانیٹرنگ کی مدد سےتعمیراتی خلاف ورزیوں کی نشاندہی ہو سکے گی۔ محکمہ بلدیات کا متعلقہ سٹاف پورٹل پرنشاندہی کے بعد ایکشن لے گا۔ وی ڈی ایس ای بز اور ای کنسٹرکشن پورٹل کے ساتھ انٹیگریٹڈ ہوگا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پنجاب میں پہلی بار رہائشی، زراعتی اورصنعتی علاقوں کی ڈیجیٹل زوننگ کی گئی ہے، سیٹلائٹ سے نگرانی کے باعث بےہنگم اورغیر قانونی تعمیرات کی روایت کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے گورننس کے پورے ماڈل کو یکسر بدل کر رکھ دیا ہے۔وی ڈی ایس کی شکل میں آج ایک اہم سنگ میل عبور کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے عوام کی سہولت کے لئے پی ایم یو کو 24 گھنٹے فعال رہنے والی ہیلپ لائن تیار کرنے کی ہدایت بھی کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اُم لیلیٰ نے بتایا کہ دوا یکڑ یا زائد رقبے پرتعمیرات شروع ہوتے ہی وی ڈی ایس حرکت میں آجائے گا۔ ابتدائی طور پر پہلے ساہیوال اورسیالکوٹ کے اضلاع میں تجربہ کیا گیا جس کے نتائج کافی حوصلہ افزاء ہے۔لاہور ڈویژن ابھی وی ڈی ایس کے دائرہ کار میں شامل نہیں باقی 9 ڈویژن کے لئے ٹیسٹ رن شروع کردیا گیا ہے۔

بقیہ 18

ڈویژنز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے سکیورٹی انتظامات، امن وامان کی صورتحال، کرائم کنٹرول اور محکمانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔سی سی پی او لاہور نے محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات کوحکومتی ایس او پیز کے مطابق یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لیے شہر بھر میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری رکھے جائیں۔سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے ہدایت کی کہ منشیات فروشوں اور دیگر سماجی جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے اشتہاری و عادی مجرموں کی گرفتاری کے لیے پیشہ ور، متحرک اورمحنتی افسران پر مشتمل خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کی بھی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انوسٹی گیشن ونگ زیرتفتیش مقدمات کے چالان بروقت عدالتوں میں جمع کروانے کو یقینی بنائے، جبکہ تفتیش کے معیار میں بہتری لاکر جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔سی سی پی اولاہورنے کمپلینٹ منیجمنٹ سسٹم پرموصول ہونے والی عوامی شکایات کے مقررہ وقت میں ازالے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بھرپور محنت کے ذریعے محفوظ اور پرامن معاشرے کے قیام میں بھرپور کردار ادا کریں۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور، ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان رضا، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (آپریشنز) توقیر محمد نعیم، سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ اوز اورانچارجز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی۔

بقیہ 19

عدہ اندراج کیا جاتا ہے اور نہ ہی درخواست گزاروں کوڈائری نمبر جاری کیے جاتے ہیں، جس کے باعث سائلین اپنی درخواستوں کے مستقبل سے لاعلم رہتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق درخواست گزاروں کوایک میز سے دوسری میز اور ایک اہلکار سے دوسرے اہلکار کے پاس بھیجنا معمول بن چکا ہے جبکہ اکثر اوقات فائل فلاں فلاں کے پاس ہےمتعلقہ اہلکار چھٹی پر ہےیا یہ کام میرے دائرہ اختیار میں نہیں جیسے روایتی جواب دے کر شہریوں کوٹرخا دیا جاتا ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگردرخواستوں کا باقاعدہ ریکارڈ ہی موجود نہ ہوتو شفافیت جوابدہی اور عوامی خدمت کے دعوے محض نعرے بن کررہ جاتے ہیں۔مزید برآں اعلیٰ افسران کی جانب سے منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کے بارے میں نہ مقامی میڈیا کو بروقت آگاہ کیا جاتا ہےاورنہ ہی سوشل میڈیا یا دیگر ذرائع سے عوام کو اطلاع دی جاتی ہے، جس کے نتیجے میں متاثرین اپنے مسائل براہ راست اعلیٰ حکام تک پہنچانے کے بنیادی حق سے محروم رہ جاتے ہیں۔ شہریوں سماجی حلقوں اور صارفین نے آئیسکو چیف چیف انجینئر اورمتعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چوآ سیدن شاہ دفتر میں درخواستوں کے اندراج ڈائری نمبر کے اجرااورعوامی شکایات کے ازالے کے نظام کا فوری اور غیر جانبدارانہ آڈٹ کروایاجائے ذمہ داراہلکاروں کاتعین کیا جائے اورعوام کومسلسل خوارکرنے والے عناصر کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ ادارے کی ساکھ بحال ہو اور صارفین کوحقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے۔

بقیہ 20

۔دوروزہ فورم میں 100 سے زائد ممالک اوراقوام متحدہ سمیت بین الاقوامی اور علاقائی تنظیموں کے 400 سے زائد چینی اور غیرملکی مندوبین شریک ہیں۔فورم میں ترقیاتی حق سے متعلق اقوام متحدہ کے اعلامیہ کی منظوری کی 40 ویں سالگرہ کے موقع پر، "ترقی کے ذریعے انسانی حقوق کے فروغ" کے تصور کومحور بناتے ہوئے عالمی انسانی حقوق کی حکمرانی کے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔افتتاحی تقریب میں، "قومی انسانی حقوق ایکشن پلان (2026-2030)" کا اجراء بھی کیا گیا۔ایکشن پلان میں بتایا گیا ہے کہ 2021 سے 2025 تک، چینی حکومت نے چوتھے قومی انسانی حقوق ایکشن پلان پر موثر انداز میں عمل درآمد کیا، جس کے نتیجے میں متعلقہ اہداف اور اقدامات کامیابی سے مکمل ہوئے، اور چین میں انسانی حقوق کے تحفظ کی ضمانت میں نمایاں بہتری آئی جس سے عالمی سطح پرانسانی حقوق کے فروغ میں مثبت کرداراداکیا۔عالمی انسانی حقوق کی حکمرانی کے حوالے سے، ایکشن پلان میں سیکورٹی کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ، ترقی کے ذریعے انسانی حقوق کےفروغ، اورتعاون کے ذریعے انسانی حقوق کی ترقی کی وکالت کی گئی، تاکہ عالمی انسانی حقوق کی حکمرانی کو زیادہ منصفانہ، درست، معقول اور جامع سمت میں لے جایا جا سکے۔ایکشن پلان میں اقوام متحدہ کےانسانی حقوق سے متعلق امور میں فعال حصہ لینے، مساوات اور باہمی احترام کی بنیاد پرانسانی حقوق کے حوالے سے بات چیت اورتبادلہ خیال کرنے، بین الاقوامی اتحاد اور تعاون کومضبوط کرنے، اور عالمی انسانی حقوق کے فروغ میں چین کے تعمیری کردار کو مزید موثر بنانے کےعزم کابھی اظہارکیاگیا۔

بقیہ 21

بقیہ 22

دلچسپی کے دیگرامور بارے گفتگو کی گئی۔ جمعرات کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سینئر سیاستدان غلام احمد بلور کی بحیثیت سابق پارلیمنٹرین ملک کے لیےگراں قدر سیاسی خدمات پرانہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقات میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال اور دلچسپی کے دیگر امور بارے بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 23

ورویڈیو بنانے کا واقعہ فروری میں پیش آیا۔ایف آئی آر کے مطابق متاثرہ نرس فروری کے آخری ہفتے پتنگر دربار پردعا کرنے گئی،دعا کے دوران دو مسلح افراد آئے اور اسے پہاڑی کی جانب لے جاکر زیادتی کی۔ ملزمان نے زیادتی کے دوران ویڈیو بھی بنائی۔ایف آئی آر کے مطابق اب ملزمان کی شناخت عاقب گل اور عاشق کے نام سے ہوئی۔ ملزم عاقب گل نے دو ہفتے قبل بھی متاثرہ خاتون کوفون کرکے ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکی دی۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 24

ملک سے چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے ہرممکن اقدام کی حمایت کرے گی۔ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سیدغلام مصطفیٰ شاہ نے بھی بچوں سے مشقت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پراپنے پیغام میں کہا کہ چائلڈ لیبر بچوں کے حقوق اوران کی ہمہ جہت ترقی کے لیےایک سنگین چیلنج ہے۔انہوں نے کہا کہ استحصالی اور خطرناک مشقت میں مصروف بچے نہ صرف تعلیم، صحت اورتفریح جیسی بنیادی سہولیات سے محروم رہ جاتے ہیں بلکہ اپنی صلاحیتوں کے بھرپوراظہار کے مواقع بھی کھودیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہربچے کوایک محفوظ اورمعاون ماحول میسر ہونا چاہیے جہاں وہ تعلیم حاصل کر سکے، اپنی صلاحیتوں کونکھار سکےاورمعاشرے کا مفید شہری بن سکے۔ڈپٹی اسپیکر سیدغلام مصطفیٰ شاہ نے مزید کہا کہ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے حکومت، سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں، والدین اورمعاشرے کے تمام طبقات کومشترکہ کردارادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ غربت، تعلیمی سہولیات کی کمی اور سماجی ناہمواریاں بچوں کومشقت کی جانب دھکیلنے والے اہم عوامل ہیں جن کے تدارک کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات اورعوامی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی بچوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے قانون سازی کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 25

43 ممالک میں 12 ہزار افراد پر مشتمل ایک سروے کیا۔

بقیہ 26

میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے قریب ترین سرحدی اور حساس علاقوں میں سائرن بجائے گئے جس کے بعد شہریوں کی بڑی تعداد حفاظتی زیرزمین شیلٹرز کی جانب منتقل ہوگئی۔حکام نے ممکنہ خطرات کے پیش نظر دفاعی نظام کو ہائی الرٹ کر دیا ہے اور فضائی نگرانی مزید سخت کردی گئی ہے۔دوسری جانب بحرین میں جمعرات کی صبح اچانک سائرن بجنے کے بعد منامہ سمیت مختلف علاقوں میں شہریوں میں اضطراب کی کیفیت دیکھی گئی۔

بقیہ 27

نے بتایا کہ گزشتہ روز سامنے آنے والی سیٹلائٹ تصاویر میں فضائی اڈے کے ایک گودام یا ہینگر کے قریب نقصان کے آثار دیکھے گئے تھے۔ان کے بقول ابتدائی تحقیقات سے اشارہ ملتا ہے کہ نقصان ایرانی میزائل کے براہ راست حملے سے نہیں بلکہ اسرائیلی دفاعی نظام کی جانب سے میزائل کو تباہ کرنے کے بعد گرنے والے ملبے یا ٹکڑوں کے باعث ہوا۔فوجی حکام کا مزید کہنا تھا کہ ایران کے اس میزائل حملے میں کوئی فوجی سازوسامان تباہ نہیں ہوااور نہ ہی کسی شخص کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی اور ایئربیس کی معمول کی کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔رامات ڈیوڈ اسرائیلی فضائیہ کے اہم ترین اڈوں میں شمار ہوتا ہے اورشمالی محاذ پرفوجی کارروائیوں میں کلیدی کردارادا کرتا ہے۔اسی وجہ سےاس اڈے کوپہنچنے والے نقصان کی خبرکواسرائیل اور خطے میں خاص اہمیت دی جارہی ہے۔اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں اورحتمی رپورٹ آنے کے بعدنقصان کی نوعیت اور سبب کے بارے میں مزید تفصیلات جاری کی جائیں گی۔خیال رہے کہ رواں ہفتے ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی اس وقت مزید شدت اختیار کرگئی جب ایران نے اسرائیل پر بیلسٹک میزائلوں کی ایک بڑی لہر داغی۔ یہ حملہ خطے میں جاری فوجی تناؤاور حالیہ امریکی واسرائیلی کارروائیوں کے ردعمل کے طور پر کیا گیا تھا۔ان حملوں کے بعد ہی صدر ٹرمپ نے ایران اور اسرائیل سے ایک دوسرے پر فوری طور پر مزید حملے نہ کرنے کی درخواست کی تھی جس پرفریقین نے جنگ بندی کا اعلان کیا تھااور جنگ تھم گئی تھی۔

بقیہ 28

ان ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے لائبریری میں موجود مختلف سہولیات کا معائنہ کیا، جن میں ایئر کنڈیشننگ اور لائٹنگ کا نظام، واش رومز اور صفائی ستھرائی کے انتظامات، کتابوں کا ذخیرہ، کمپیوٹر لیب، وائی فائی کی سہولت، سوپیر اور چپڑاسی عملہ کی موجودگی اور قارئین کے لیے کرسیوں کے انتظامات شامل تھے۔ انہوں نے تمام امور کاتفصیلی جائزہ لیا اور موجود سہولیات میں مزید بہتری کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پرایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مسرور احمد بجارانی نے کہا کہ ہماری بھرپورکوشش ہے کہ متعلقہ افسران اور ذمہ دار افرادکواعتماد میں لے کرمشترکہ حکمت عملی کے تحت لائبریری کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ قارئین کوزیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں۔موجودہ سہولیات میں بہتری لانے کے لیے متعلقہ افسران کوآئندہ منگل کے روز ڈپٹی کمشنر آفس میں بھی طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 29

جانب سے پیش کردہ ترمیم کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اپیلیٹ ٹریبونل کے جج کی ریٹائرمنٹ کی عمرکی حدکوتبدیل کیا جارہا ہے۔پیپلز پارٹی کے سیدنویدقمر کی جانب سے پیش کردہ ترامیم بھی منظور کر لی گئیں۔سیدنویدقمر نے پی ٹی آئی ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025 میں 3 ترامیم پیش کیں۔سید نویدقمر نے کہا کہ فائیو جی فائبر کیبل بچھانے کے لیے رائٹ آف وے سے متعلق تنازعات سامنے آئیں گے، اس لیے ان تنازعات کے حل کے اختیارات صوبائی اور متعلقہ حکومتوں کو دیے جائیں۔مجوزہ ترمیم کے مطابق تنازعات کے حل کے لیے عائد جرمانوں کی حد بھی مقرر کی جارہی ہے۔

بقیہ 30

ہسپتال میں اے ایف پی اور وی پی ڈی سرویلنس کے حوالے سے منعقدہ تربیتی سیشن کے دوران کہا کہ صحت کے شعبے سے وابستہ تمام افراد کی ذمہ داری ہے کہ وہ مشتبہ کیسز کی بروقت نشاندہی اور رپورٹنگ یقینی بنائیں تاکہ بیماریوں کا پھیلاؤ موثر انداز میں روکا جاسکے۔تربیتی سیشن میں عالمی ادارہ صحت کے تعاون سے ماہرین نے شرکا کو بیماریوں کی نگرانی اور بروقت رپورٹنگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ماہرین نے اے ایف پی اور ویکسین سے قابل انسداد بیماریوں کی بروقت تشخیص، رپورٹنگ، کیس مینجمنٹ اور سرویلنس کے جدید طریقہ کار بارے بریفنگ دی۔تربیتی سیشن کے دوران شرکا کو سرویلنس نظام کومزید مضبوط بنانے، ڈیٹا کیدرست اندراج، نمونوں کے حصول اور متعلقہ اداروں کو بروقت معلومات کی فراہمی کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا گیا۔تربیتی سیشن میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ صحت عامہ کے تحفظ، پولیو کےمکمل خاتمے اور ویکسین سے قابل انسداد بیماریوں کی روک تھام کے لیے مربوط اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔شرکا نے تربیتی سیشن کوانتہائی مفید قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ حاصل شدہ معلومات کوعملی طور پر بروئے کار لاتے ہوئے بیماریوں کی نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔تربیتی سیشن میں پوسٹ گریجویٹ رجسٹرارز (PGRs)، میڈیکل آفیسرز، ہاؤس آفیسرز، نرسنگ سٹاف اور پیرا میڈیکل عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 31

گورنمنٹ وزیراعلیٰ مریم نواز کے "شی تھریڈز" منصوبے کے لیے 310 ملین روپے مختص کرنا قابل تحسین ہے۔

بقیہ 32

(م) کومبینہ طور پراغواء کے بعد مانک روڈ پرزیادتی کا نشانہ بناڈالا، جسے بعدازاں تشویش ناک حالت میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے دونوں ملزمان عمیراورذیشان کوگرفتار کرلیا۔

بقیہ 33

امید ظاہر کی کہ تمام فریقوں کے درمیان جلد مفاہمت پیدا ہوگی جو خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام میں معاون ثابت ہوگی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پرقریبی رابطہ اورہم آہنگی برقرار رکھنے اور پاکستان - ترکیہ شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے لیےاعلیٰ سطحی روابط جاری رکھنے پراتفاق کیا۔

بقیہ 34

میمن، سید ناصر حسین شاہ، صدر پیپلز پارٹی گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ شامل تھے۔

بقیہ 35

کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے مارگلہ ہلز پرقائم مونال ریسٹورنٹ کومسمار کرنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی نظرثانی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے ریسٹورنٹ کوفوری طور پردوبارہ کھولنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت جولائی کے دوسرے ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ 36

تاریخ کے بعد پاکستان کی کسی بھی موٹروے پرایم ٹیگ کے بغیر گاڑیوں کا داخلہ مکمل طور پر بند کردیا جائے گا، مسافروں کوسختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس تاریخ سے پہلے اپنی رجسٹریشن ہرصورت مکمل کر لیں تاکہ ٹول پلازوں پر روکے جانے سے بچ سکیں۔

بقیہ 37

کوقومی اسمبلی میں کورم کی نشاندہی کرنے پر سپیکر نے کہا کہ ماضی میں یہ طریقہ کاررہا ہے کہ جب بجٹ پر بحث یاکسی اور کارروائی کے دوران کسی جماعت کا رکن کورم کی نشاندہی کرے گا تو اس جماعت کے مختص شدہ وقت میں سے کٹوتی ہوگی۔

بقیہ 38

قرآن مجید عالم انسانیت کیلئے مکمل دستور حیات اور پوری انسانیت کیلئے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہے،امت مسلمہ کی کامیابی اور خوشحالی کا راز اسلام اورقرآن پاک کی تعلیمات پرعمل کرنے میں پوشیدہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ امت مسلمہ اگراخلاص کے ساتھ اسلام اور قرآن مجید کی تعلیمات کواپنی انفرادی اوراجتماعی زندگی کا حصہ بنالےتو وہ درپیش تمام مشکلات اور چیلنجز پر قابو پا سکتی ہے۔قرآن پاک ہدایت، امن، عدل اور انسانیت کی فلاح کا پیغام دیتا ہے، اور جس شخص نے قرآن مجید کے پیغام کوسمجھ کراپنی زندگی کواس کے مطابق ڈھال لیا، وہ دنیاوآخرت میں کامیابی اور فلاح سے ہمکنار ہو گیا۔موجودہ دور کے فتنوں اور چیلنجز کا مقابلہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب مسلمان اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھامتے ہوئے باہمی اتحاد، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیں اور اپنی زندگیوں کوقرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق استوارکریں۔

بقیہ 39

صوبے میں سی ٹی ڈی کا مستقل ہیڈکوارٹراور ضلعی دفاترتک موجودنہیں تاہم 21 ضلعی دفاتر زیرتعمیر ہیں۔دستاویزات میں یہ بات سامنے آئی کہ صوبہ بھر میں سی ٹی ڈی فورس کے پاس صرف 17 بلٹ پروف ڈبل کیبن گاڑیاں موجود ہیں۔ جدید فرانزک سہولیات، لوکیٹرز، جیمرز، بکتر بند گاڑیوں اوردیگرتکنیکی وسائل کی بھی کمی کا سامنا ہے جس سے محکمے کی آپریشنل صلاحیت متاثر ہورہی ہے۔سی ٹی ڈی میں 638 فیلڈ آپریٹرز کی بھرتی کا عمل شروع ہو چکا ہے جوتاحال مکمل نہیں ہوسکا۔دوسری جانب وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبائی حکومت پولیس، سی ٹی ڈی اوراسپیشل برانچ کی استعدادکار بڑھانے کیلئے بھرپورسرمایہ کاری کر رہی ہے،ان کے مطابق پانچ اکتوبر سے اب تک امن وامان کے شعبے پر 30 ارب روپے سے زائد خرچ کیے جاچکے ہیں۔سینٹرل پولیس آفس کے مطابق سی ٹی ڈی کومضبوط بنانے کیلئے 7 ارب 77 کروڑ روپے سے زائد کی منظوری دی گئی، جن میں سے 7 ارب 5 کروڑ روپے جاری بھی کیے جا چکے ہیں۔سینٹرل پولیس آفس کے مطابق سی ٹی ڈی کیلئے بلٹ پروف اور بکتر بند گاڑیاں، جدید اسلحہ، ڈرونز، اینٹی ڈرون گنز، لوکیٹرز، جیمرز اوردیگرجدید آلات خریدے گئے ہیں جبکہ تمام اضلاع تک سی ٹی ڈی کادائرہ کار بڑھانے کیلئے بھی اربوں روپے مختص کیے گئے ہیں۔حکام کے مطابق سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹر کے توسیعی منصوبے پر بھی پیش رفت جاری ہے اور فورس کی آپریشنل صلاحیت میں مزید اضافہ کرکے دہشت گردی کے خاتمے کے اہداف حاصل کیے جائیں گے۔

بقیہ 40

2009ء کوان کے دفتر میں ایک خودکش دھماکے کے ذریعے شہید کر دیا گیا تھا۔آپ نے خودکش حملوں اور بے گناہ پاکستانیوں کے قتل کے خلاف جرات مندانہ اورتاریخی فتویٰ دیا تھا۔

بقیہ 41

اب تک ہماری طرف سے باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔متاثرہ ڈاکٹر کے خاندان کے افراد نے کہا کہ عوام غیرمصدقہ خبروں اورافواہوں پر یقین نہ کریں۔

بقیہ 42

کے برے دن شروع ہوئے ہیں تو پھر پاکستان کے اچھے دن شروع ہوں گے۔

بقیہ 43

نے کٹ لسٹ کا بھی جائزہ لیا اور تصدیق کی کہ امتحانی عمل کے دوران کسی قسم کی جعل سازی یانقل کا کوئی واقعہ سامنے نہیں آیا۔انہوں نے امتحانی عمل، نظم وضبط اور مجموعی انتظامات پراطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال کوتسلی بخش قرار دیا۔انہوں نے امتحانی عملے کوہدایت کی کہ امتحانات کے دوران شفافیت، میرٹ اور منصفانہ ماحول کو ہرصورت برقرار رکھا جائے تاکہ طلبہ بلا خوف و دباؤ اپنے امتحانات مکمل کرسکیں۔

بقیہ 44

کہ اسموکنگ، ویپنگ اور دیگر ڈرگز کے خلاف عوامی سطح پرمہم چلائی جائے گی۔اسد رضا نے کہا کہ اسموکنگ، ویپنگ اور منشیات کے مضراثرات سے متعلق طلبہ و اساتذہ کو آگاہی فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اگرکوئی اسٹوڈنٹ کسی نشے کے استعمال میں ملوث پایا گیاتواس کاری ہیب یقینی بنائیں گے۔اسدرضا نے کہا کہ اسکول و یونیورسٹی انتظامیہ اپنی حدود کو ڈرگ اور اسموک فری ڈکلیئر کریں اورتمام تعلیمی اداروں میں انسدادمنشیات کمیٹی بنائی جائے۔ڈی آئی جی ضلع جنوبی نے کہا کہ یقینی بنائیں گے کہ والدین بچوں کے داخلے کے وقت منشیات کی روک تھام سے متعلق رضامندی کا اقرار نامہ سائن کریں۔

بقیہ 45

ایئرمین اکیڈمی کورنگی کریک نے کیا۔تقریب میں پاک فضائیہ، پاک بحریہ اور دوست ممالک کے مجموعی طور پر 1045 زیر تربیت ٹرینیز نے کامیابی سے اپنی تربیت مکمل کی۔پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی نے کہا کہ پاک فضائیہ ایک نہایت پیشہ ور اور جنگی صلاحیتوں سے بھرپورادارہ ہے جس نے اپنی جرات، بہادری اور شاندار کارکردگی کے باعث عالمی سطح پرایک مؤثر فضائی قوت کے طور پر شناخت حاصل کی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ سربراہ پاک فضائیہ کے نظریے کے مطابق پاک فضائیہ ایئر مین اکیڈمی کورنگی کریک میں ایئرمین کی تربیت کوجدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے تاکہ ملٹی ڈومین آپریشنز کے مسلسل ارتقاء کے پیش نظر مستقبل کے چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے۔اُنہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ نے ہمیشہ مسلح افواج کے شانہ بشانہ ملکی خودمختاری اور دفاع کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔مشرقی اور مغربی سرحدوں پر درپیش سکیورٹی چیلنجز کے باعث قوم کی توقعات پاک فضائیہ سے مزید بڑھ گئی ہیں اور میں قوم کو یقین دلاتا ہوں کہ پاک فضائیہ ہمیشہ اسی عزم و استقلال کے ساتھ دفاع وطن کے لیے تیار رہے گی جیسا کہ اس نے معرکہ ؟ حق، بنیان المرصوص کے دوران عملی طور پر ثابت کیا۔مہمان خصوصی نے کہا کہ دنیا نے پہلی مرتبہ پاک فضائیہ کی جانب سے مکمل اسپیکٹرم ملٹی ڈومین آپریشنز کا کامیاب استعمال دیکھا، جس میں خلائی، سائبر اور الیکٹرانک جنگی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ طویل فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیاروں، بغیر پائلٹ فضائی نظاموں اور جدید ڈرونز کوعددی برتری رکھنے والے دشمن کے خلاف مؤثرانداز میں بروئے کارلایا گیا۔اُنہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجیز نے مستقبل کی جنگوں کی نوعیت کویکسر تبدیل کر دیا ہے۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اورقومی قیادت کے غیر متزلزل عزم کی بدولت پاک فضائیہ نیشنل ایرواسپیس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس کے تحت مقامی سطح پردفاعی وفضائی ٹیکنالوجی کے فروغ اور خود انحصاری کے سفر پر گامزن ہے۔تقریب کے دوران مجموعی بہترین کارکردگی پر چیف آف دی ایئر اسٹاف ٹرافی ایئر کرافٹ مین محمد انس ارشدکودی گئی۔اصغرخان ٹرافی برائے بہترین کارکردگی شعبہ ایرونائکس میں ایئرکرافٹ مین محمد ابوبکر کے حصے میں آئی، جبکہ نورخان ٹرافی برائے بہترین کارکردگی شعبہ ایرو اونکس ٹیکنالوجی ایئرکرافٹ مین محمود حسن نے حاصل کی۔ جنرل سروس ٹریننگ میں بہترین کارکردگی پر ایئر آفیسر کمانڈنگ ٹرافی اکیڈمی سارجنٹ ایئرکرافٹ مین محمد ارسلان کودی گئی، جبکہ غیرملکی تربیت یافتہ ٹرینیز میں بہترین کارکردگی کا اعزاز اردن سے تعلق رکھنے والے لانس کارپورل عزالدین خالد الدیک نے حاصل کیا۔مہمانِ خصوصی نے فارغ التحصیل ٹرینیز اوران کے والدین کومبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے روشن مستقبل اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے تربیتی عملے کی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اورتربیت کے مقصد سے وابستگی کو بھی سراہا۔

بقیہ 46

افراد کی شناخت نہیں ہوسکی، پولیس کارروائی کے بعد لاشیں مردہ خانہ منتقل کردی گئیں۔

بقیہ 47

6 افراد پر پھینک دیا۔تیزاب سے جھلسنے والے افراد کوہسپتال منتقل کردیا گیا تھا جبکہ پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی تھی۔پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے واقعے کے 5 روز بعدملزم کوگرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ 48

اشتعال انگیز نعروں اوراشاروں پرمکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔سوشل میڈیایادیگر ذرائع سے فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے پرسخت کارروائی کی جائے گی۔اس کے علاوہ جلوس کے راستوں پر واقع مکانات یادیگرعمارتوں کی چھتوں پرمورچوں کی تعمیر پربھی پابندی لگائی گئی ہے۔جلوس کے راستوں میں موجودعمارتوں کی چھتوں پرپتھر، اینٹیں، بوتلیں یا کچرا جمع کرنا بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔جلوس کے دوران راستے میں واقع عمارتوں کی چھتوں یادکانوں کے تھڑوں پر بطور تماشائی موجودگی پر پابندی ہوگی۔بزرگ شہریوں، خواتین اور قانون نافذ کرنے والےاداروں کے اہلکاروں کے علاوہ ڈبل سواری کی اجازت نہیں ہوگی۔ڈبل سواری کے علاوہ تمام پابندیوں کا اطلاق یکم سے 10 محرم الحرام تک ہوگا۔ڈبل سواری پر پابندی کا اطلاق 9 اور 10 محرم الحرام کو ہوگا۔سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پابندیاں ضابطہ فوجداری 1 8 9 8 کے سیکشن 144(6) کے تحت لگائی گئیں۔دفعہ 144 کا نفاذ محرم الحرام کے دوران امن وامان اور مذہبی ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے کیا گیا۔سیکرٹری داخلہ نے کہا ہے کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔محکمہ داخلہ پنجاب نے دفعہ 144 کےنفاذ کے احکامات جاری کردیے۔

بقیہ 49

اشتعال انگیز نعروں اوراشاروں پرمکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔سوشل میڈیایادیگر ذرائع سے فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے پرسخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 50

معلوم ہوا ہے کہ جھگڑے کی وجہ انتہائی معمولی تھی، دونوں فریقین کے درمیان گندم کی کٹائی کے لیے تھریشر مشین کے استعمال کے بعد حساب کتاب ہو رہا تھا، گندم کٹائی کی مد میں ایک فریق کا مطالبہ تھا کہ اسے 350 روپے دیے جائیں، جبکہ دوسرا فریق اصرار کررہا تھا کہ وہ صرف 300 روپے ہی ادا کرے گا، محض 50 روپے کے اس معمولی سے اختلاف نے دیکھتے ہی دیکھتے دونوں گروپوں کے درمیان ایک شدید اور بے قابو جھگڑے کی شکل اختیار کرلی۔بتایا گیا ہے کہ تلخ کلامی جب حد سے بڑھی تو بات گالی گلوچ سے نکل کرہتھیاروں تک جا پہنچی، طیش میں آئے ہوئے ایک فریق نے دوسرے فریق پرتیز دھارآلے سے اچانک حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں شیر خان نامی شخص شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پرہی جاں بحق ہوگیا، اس خونی حملے میں شیر خان کو بچاتے ہوئے ان کے ساتھی شائستہ خان اور درمحمد بھی شدید زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پرہسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی جارہی ہے۔

بقیہ 51

ویرانی مفادات پراستوار ہیں۔انہوں نے اس امر پرزور دیا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ اپنے دیرینہ دفاعی شراکت داری کو بے حد اہمیت دیتا ہے اور تربیت، دفاعی تعاون اورٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ایئر چیف نے بدلتی ہوئی علاقائی سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں دونوں ممالک کی مسلح افواج کے مابین قریبی روابط اور مسلسل ہم آہنگی کی اہمیت پربھی زوردیا۔انہوں نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے تحت پاک فضائیہ کی مقامی سطح پردفاعی صلاحیتوں کے فروغ، بغیرپائلٹ فضائی نظام (ڈرونز)، مصنوعی ذہانت اور جدید دفاعی ٹیکنالوجیز میں حاصل ہونے والی پیش رفت سے بھی معزز مہمان کوآگاہ کیا۔ترک بری افواج کے کمانڈر نے موجودہ قیادت میں پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل صلاحیتوں اور جدید خطوط پراستوار ہونے کےعمل کوسراہا۔انہوں نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی بصیرت افروز اورمتحرک قیادت کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاک فضائیہ کوایک جدید، خودکفیل اورمؤثر قوت میں تبدیل کرنے کے لیےان کی غیر متزلزل وابستگی کوقابل ستائش قرار دیا۔انہوں نے تربیت، استعداد کار میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کومزید وسعت دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے مشترکہ تربیتی مشقوں، تبادلہ پروگرامز اور مربوط عسکری سرگرمیوں کے ذریعے باہمی استعداد کوفروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا، جبکہ طویل المدتی تزویراتی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اورعملی تیاریوں کوبہتر بنانے کے لیے تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پربھی اتفاق کیا گیا۔ترک بری افواج کے کمانڈر اورسربراہ پاک فضائیہ کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اورترکیہ کے مابین مضبوط اوردیرپاعسکری شراکت داری کی گہرائی اوراہمیت کی عکاس ہے۔یہ دونوں برادر ممالک کے اس غیر متزلزل عزم کا واضح اظہار ہے کہ وہ اپنی تزویراتی شراکت داری کومزید مستحکم کرتے ہوئے خطے میں امن، استحکام اورمشترکہ ترقی کے لیےمل کر کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 52

ایک لاکھ 40 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پرآمد 45 ہزار کیوسک اور اخراج 45 ہزار کیوسک، خیرآباد پل آمد ایک لاکھ 97 ہزار 300 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 97 ہزار 300 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پرآمد 34 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 32 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پرآمد 29 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 7 ہزار کیوسک رہا۔جناح بیراج آمد ایک لاکھ 93 ہزار 700 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 86 ہزار 200 کیوسک، چشمہ آمد ایک لاکھ 91 ہزار 600 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 80 ہزار کیوسک، تونسہ آمد ایک لاکھ 45 ہزار 100 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 19 ہزار 700 کیوسک، گدو آمد 90 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 69 ہزار کیوسک، سکھر آمد 53 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 21 ہزار کیوسک، کوٹری آمد 12 ہزار 400 کیوسک اوراخراج صفر کیوسک، تریموں آمد 21 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 5 ہزار 500 کیوسک، پنجند آمد 13 ہزار 600 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔آبی ذخائر میں تربیلا کا کم ازکم آپریٹنگ لیول 1 4 0 2 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 03.1450 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اورقابل استعمال پانی کا ذخیرہ 012.1 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم ازکم آپریٹنگ لیول 1 0 5 0 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 10.1172 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اورقابل استعمال پانی کا ذخیرہ 680.2 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم ازکم آپریٹنگ لیول 15.638 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 50.645 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 157.0 ملین ایکڑ فٹ رہا۔

☆☆☆

ترک بری افواج کے کمانڈر کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون، تربیت اور جدید ٹیکنالوجی میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق

مشترکہ عسکری مشقوں اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترک بری افواج کے کمانڈر، جنرل ماتین تو کل نے ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں مشترکہ اشتراک کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ ? خیال کیا گیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے روابط اسلامی اخوت، باہمی اعتماد اور مشترکہ تز(بقیہ نمبر 5 1)

ترک بری افواج کے کمانڈر جنرل ماتین تو کل کی ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات، دفاعی تعاون اور دوطرفہ عسکری تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

تربیلا میں پانی کی سطح 03.1450، منگلا میں 10.1172 فٹ

جناح بیراج سے اخراج ایک لاکھ 86 ہزار 200 کیوسک رہا

لاہور(این ای این) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی ۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 19 ہزار 600 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 40 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 45 ہزار کیوسک اور اخراج 45 ہزار کیوسک، خیر(بقیہ نمبر 52)

نواب شاہ، کمشنر بینظیر آباد ڈویژن شمیر خان بھٹو محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ڈی آئی جی پولیس فیصل بشیر میمن بھی موجود ہیں

17 سالہ لڑکی سے دو نوجوانوں کی مبینہ جنسی زیادتی، ملزمان گرفتار

پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے دونوں ملزمان عمیر اور ذیشان کو گرفتار کرلیا

نارووال (یواین پی) 17 سالہ لڑکی سے دو نوجوانوں کی مبینہ جنسی زیادتی، ملزمان گرفتار، نارووال میں 17 سالہ لڑکی سے دو نوجوانوں کی مبینہ جنسی زیادتی،لڑکی ہسپتال منتقل، پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے دونوں نوجوانوں کو گرفتار کرلیا۔تایا گیا ہے کہ دواوباش لڑکوں نے موٹر سائیکل سوار سترہ سالہ لڑکی (بقیہ نمبر 2 1)

شعبہ صحت سے وابستہ افراد بیماریوں کی بروقت نشاندہی کریں؛ ایم ایس

سیالکوٹ (یواین پی) شعبہ صحت سے وابستہ افراد بیماریوں کی بر وقت نشاندہی کریں؛ایم ایس، گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ سول ہسپتال سیالکوٹ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبد الرحمن طارق نے کہا ہے کہ پولیو اور دیگر ویکسین سے قابل انسداد بیماریوں کے خاتمے کے لیے موثر سرویلنس انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے(بقیہ نمبر 3 0)

گلگت بلتستان میں بریک تھرو، پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے وفود کی مشاورتی ملاقات

ملاقات میں حکومت سازی کے لیے ممکنہ فارمولوں پر گفتگو

گلگت (یواین پی) پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے وفود کی گلگت میں مشاورتی ملاقات ہوئی ہے،گلگت بلتستان میں بریک تھرو ہونے کی توقع ہے۔ذرائع کے مطابق ملاقات میں حکومت سازی کے لیے ممکنہ فارمولوں، سیاسی تعاون اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔پیپلز پارٹی کے وفد میں نیئر حسین بخاری، قمر زمان کائرہ، شرجیل انعام (بقیہ نمبر 4 3)

نواب شاہ، ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی گزشتہ خصوصی انسداد پولیو مہم کے دوران حاصل ہونے والے ٹارگٹ اور درپیش مسائل کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

مریم نواز شریف کی سیاسی بصیرت نے دنیا بھر میں اپنا لوہا منوالیا؛ حاجی نواز گڈو

رائیونڈ (یواین پی) مریم نواز شریف کی سیاسی بصیرت نے دنیا بھر میں اپنا لوہا منوالیا؛ حاجی نواز گڈو، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف مستحق بچیوں کی شادی، اپنا گھر پروگرام، صاف ستھرا پنجاب، صحت اور تعلیم جیسے شعبوں میں کردار سے دنیا معترف ہوئی ہے، مسلم لیگ نے کے سینئر رہنماء صوبائی امید وار حاجی نواز احمد گڈو جیالوں ن لیگیوں اور میڈیا سے اظہار خیال کر رہے تھے،انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ بجٹ میں پنجاب(بقیہ نمبر 1 3)

نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (یواین پی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ رات ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے بات چیت اور تحمل و بردباری کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے(بقیہ نمبر 3 3)

ڈرگز کے استعمال کا آغاز اسموکنگ سے ہی ہوتا ہے، ڈی آئی جی کراچی ساتھ

ویپس اور دیگر منشیات پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے، اسد رضا

کراچی (یواین پی) ڈی آئی جی ضلع جنوبی کراچی اسد رضا نے کہا ہے کہ ڈرگز کے استعمال کا آغاز اسموکنگ سے ہی ہوتا ہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انسداد منشیات پالیسی کے 5 اہم جزو ہیں اور یقینی بنا رہے ہیں کہ تمام تعلیمی اداروں میں سگریٹس، ویپس اور دیگر منشیات پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے۔ڈی آئی جی ضلع جنوبی نے کہا (بقیہ نمبر 4 4)

پسرور، اے سی پسرور کا امتحانی مرکز کا دورہ، انتظامات تسلی بخش قرار

دورے کے دوران مجموعی طور پر 175 طلبہ میں سے 169 طلبہ امتحان میں شریک پائے گئے

سیالکوٹ (یواین پی) اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے گورنمنٹ ڈگری کالج پسرور میں جاری امتحانات کے دوران امتحانی مرکز کا دورہ کیا اور وہاں کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران مجموعی طور پر 175 طلبہ میں سے 169 طلبہ امتحان میں شریک پائے گئے، جبکہ غیر حاضر طلبہ کی تعداد 6 رہی۔اسسٹنٹ کمشنر نے امتحانی ہالز کا معائنہ کیا، سیٹنگ پلان کی جانچ کی جو تواعد وضوابط کے مطابق درست پایا گیا۔انہوں (بقیہ نمبر 4 3)

بھینسوں کا ایک ریوڑ نو ڈیرو چوک روڈ پر جارہا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہورہی ہے اور علاقے میں آمدورفت کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بجٹ عوامی امنگوں کے مطابق نہیں ہوگا: فواد چوہدری

شہباز شریف پہلے وزیر اعظم ہیں جو پانچواں بجٹ پیش کرنے جارہے ہیں، سابق وزیر

لاہور (یواین پی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ بجٹ عوامی امنگوں کے مطابق نہیں ہوگا۔انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ شہباز شریف پہلے وزیر اعظم ہیں جو پانچواں بجٹ پیش کرنے جارہے ہیں۔فواد چوہدری نے کہا کہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کی پارٹی چل رہی ہے، 28 ویں آئینی ترمیم پاکستان کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندر نئے صوبے نہیں بنے، دونوں خاندانوں نے ہمیں بیوقوف بنایا۔فواد چوہدری نے کہا کہ حکومت (بقیہ نمبر 2 4)

سلامت پورہ کے قریب ڈمپر نے 18 سالہ نوجوان کو کچل دیا

لاہور(یواین پی) شہر میں مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ باغبانپورہ، سلامت پورہ کے قریب تیز رفتار ڈمپر نے راہگیر کو کچل دیا، متوفی کی شناخت 18 سالہ شاہد کے نام سے ہوئی۔ اسلامپورہ کے علاقے میں ایوان عدل کے عقب میں چور بجلی کی تاریں کاٹتے ہوئے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ پرانی انارکلی کے علاقہ میں 4 روز قبل بیہوشی کی حالت میں ملنے والا 65 سالہ شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا،دونوں(بقیہ نمبر 4 6)

رنگ محل میں 6 افراد پر تیزاب پھینکنے والا ملزم 5 روز بعد گرفتار

لاہور(یواین پی) اندرونِ لاہور کے علاقے رنگ محل میں 6 افراد پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو پولیس نے 5 روز بعد گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق 5 دن قبل رنگ محل میں 1 دکان پر بیٹھے افراد نے رشید نامی شخص سے مذاق کیا جس پر بات گالم گلوچ تک پہنچ گئی تاہم دکانداروں نے موقع پر معاملہ رفع دفع کروا دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے رنجش دل میں رکھی اور بعد ازاں تیزاب لا کر (بقیہ نمبر 4 7)

پاک فضائیہ ایئر مین اکیڈمی کورنگی کریک میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد

معرکہ حق اور بنیان المرصوص میں پاک فضائیہ کی کامیابی عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہے، ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزئی

جدید جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت جاری، پاک فضائیہ مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مکمل تیار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ ایئر مین اکیڈمی کورنگی کریک میں انٹری نمبر 2312، 2412 اور 2506 کے زیر تربیت ٹرینیز کی پاسنگ آؤٹ پریڈ منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزئی، ایئر آفیسر کمانڈنگ سدرن ایئر کمانڈ، پاک فضائیہ تھے۔ مہمانِ خصوصی کی آمد پر اُنکا استقبال ایئر وائس مارشل محمد شاہد افضل، ایئر آفیسر کمانڈنگ، پاک فضائیہ (بقیہ نمبر 45)

ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزئی، ایئر آفیسر کمانڈنگ، سدرن ایئر کمانڈ پاکستان ایئر فورس، پی اے ایف ایئر مین اکیڈمی، کورنگی کریک میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کے دوران نمایاں پوزیشنز (ڈسٹنکشن) حاصل کرنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو بنوا رہے ہیں۔

محرم الحرام سکیورٹی کے پیشِ نظر پنجاب میں دفعہ 144 نافذ

مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار اور آتش گیر مواد کی نمائش پر پابندی ہوگی

لاہور (یواین پی) حکومت پنجاب نے محرم الحرام سکیورٹی کے پیشِ نظر صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ کردی۔ پنجاب بھر میں یکم سے 10 محرم تک دفعہ 144 نافذ رہے گی۔مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار اور آتش گیر مواد کی نمائش پر پابندی ہوگی۔عوامی جذبات، عقیدوں اور فرقوں کو مجروح کرنے والے(بقیہ نمبر 8 4)

ہڑتال، خلاف ضابطہ سرگرمیوں کا نوٹس، محکمہ صحت بلوچستان کی کارروائی، 23 ڈاکٹر معطل

لازمی سروسز سے غیر حاضر رہنے والے ملازمین کے خلاف قانون اور سروس رولز کے مطابق

کوئٹہ (یواین پی) بلوچستان کے محکمہ صحت نے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی، ہڑتال، خلاف ضابطہ سرگرمیوں اور محکمہ جاتی نظم وضبط کی پامالی پر 23 ڈاکٹرز کے خلاف سخت ایکشن لے لیا۔تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت نے 23 ڈاکٹرز کو معطل کردیا، 25 افسران کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے جبکہ پوسٹ گریجویٹ تربیتی پروگرام (بقیہ نمبر 4 9)

گندم تھریشر کے حساب میں صرف 50 روپے کے تنازعہ پر ایک شخص قتل

گندم کٹائی کی مد میں ایک فریق کا مطالبہ تھا کہ اسے 350 روپے دیے جائیں، جبکہ دوسرا فریق اصرار کر رہا تھا

کہ وہ صرف 300 روپے ہی ادا کرے گا، تلخ کلامی حد سے بڑھی تو بات گالی گلوچ سے ہتھیاروں تک جا پہنچی

کوئٹہ (یواین پی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے میں محض چند روپوں کے حقیر تنازعہ نے ایک شخص کی جان لے لی، جہاں گندم کی تھریشر کے حساب کتاب کے دوران ہونے والی تلخ کلامی خونریز تصادم میں بدل گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے میں رقم کے معمولی لین دین پر دو فریقین کے درمیان ہونے والا جھگڑا خونی سانحے میں تبدیل ہوگیا، یہ افسوسناک واقعہ ایئر پورٹ تھانے کی حدود میں واقع علاقے ریگی ناصران کلی مہترزئی میں پیش آیا، جہاں محض 50 روپے کے فرق پر ایک شخص اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ پولیس کی ابتدائی تفتیش سے (بقیہ نمبر 5 0)

بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ میں سرکل کے تمام ایس ایچ اوز کے ساتھ محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے میٹنگ کررہے ہیں

اہلِ خانہ کی ڈاکٹر ماہ نور کی ہراسگی و رشتے سے انکار کی خبروں کی تردید

سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی مختلف وجوہات بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں، اہل خانہ

کوئٹہ (یواین پی) کوئٹہ میں تیزاب گردی کا شکار ہونے والی ڈاکٹر ماہ نور کے اہلِ خانہ نے کہا ہے کہ ان سے متعلق سوشل میڈیا پر زیرِ گردش خبروں میں صداقت نہیں۔ اہلِ خانہ نے خصوصی گفتگو میں ڈاکٹر ماہ نور کو ہراساں کیے جانے اور رشتے سے انکار کی خبروں کی تردید کردی۔ اہلِ خانہ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی مختلف وجوہات بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور کے واقعے سے متعلق(بقیہ نمبر 1 4)

بہاولپور: کارپینٹر (بڑھئی) سڑک کنارے ایک ورکشاپ پر روزی کمانے کے لیے لکڑی کا دروازہ تیار کرنے میں مصروف ہیں۔

ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہیدؒ کا 17 واں یوم شہادت (آج) منایا جائے گا

ملک بھر میں جامعہ نعیمیہ سے منسلک مساجد اور مدارس میں تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

لاہور (یواین پی) ممتاز عالم دین، مفکر اسلام اور جامعہ نعیمیہ کے مہتمم شہیدِ پاکستان ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمیؒ کا 17 واں یوم شہادت (آج) جمعۃ المبارک 12 جون کو عقیدت و احترام سے منایا جائے گا۔ یوم شہادت کی مناسبت سے جامعہ نعیمیہ سے ملحقہ ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے مدارس اور مساجد میں قرآن خوانی، محافلِ نعت اور فاتحہ خوانی کی خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ ان تقریبات میں علماء کرام ان کی زندگی، کردار اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے ان کی قربانیوں پر روشنی ڈالیں گے۔ یاد رہے کہ دہشتگردی اور انتہا پسندی کے خلاف آواز اٹھانے والے عظیم سکالر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمیؒ کو 12 جون(بقیہ نمبر 4 0)

وفاقی حکومت نے مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی حمایت کردی

وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے ریسٹورنٹ کو فوری طور پر دوبارہ کھولنے کی استدعا مسترد کردی گئی، کیس کی مزید سماعت جولائی کے دوسرے ہفتے تک ملتوی

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے مارگلہ ہلز پر واقع مشہور زمانہ مونال ریسٹورنٹ کو بند اور مسمار کرنے کے عدالتی حکم کے خلاف دائر نظر ثانی درخواست پر وفاقی آئینی عدالت میں سماعت ہوئی، جہاں جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی، دوران سماعت ججز اور وکلاء کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ بھی دیکھنے کو ملا۔تفصیلات (بقیہ نمبر 3 5)

کارروائی میں خلل ڈالنے والے رکن کی جماعت کے بحث کے لئے مختص وقت میں کٹوتی ہوگی

اسلام آباد (یواین پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ بجٹ اجلاس کے دوران جس جماعت کا رکن کورم کی نشاندہی کرکے کارروائی میں خلل ڈالے گا اس کے بحث کے لئے اس کے مختص وقت میں کٹوتی کی جائے گی۔جمعرات (بقیہ نمبر 3 7)

15 جون کے بعد ایم ٹیگ کے بغیر کسی بھی موٹروے پر داخلہ نہیں ملے گا

پرانے ایم ٹیگز تبدیل کروانے کیلئے یکم جولائی کی حتمی تاریخ جاری

اسلام آباد (یواین پی) موٹروے کا انتظام سنبھالنے والی کمپنی 'ون نیٹ ورک' نے ملک بھر کی تمام موٹرویز پر سفر کرنے والے شہریوں کے لیے ایم ٹیگ کے نفاذ کی حتمی تاریخ اور پرانے ٹیگز کو بلاک کرنے کی آخری ڈیڈ لائنز کا باقاعدہ شیڈول جاری کردیا۔ون نیٹ ورک کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین ایڈوائزری کے مطابق حتمی ڈیڈ لائن 15 جون 2026ء ہے، اب تاریخوں میں کوئی نرمی نہیں کی جائے گی، 15 جون 2026ء کی آخری(بقیہ نمبر 3 6)

مصطفیٰ آباد پکی حویلی میں سرکار بابا خوشیا شاہ نوشاہی قادری کے سالانہ عرس کے آخری روز مزار پر دعا کی جارہی ہے، عوام کی بڑی تعداد موجود ہے

موجودہ حالات میں تمام مشکلات کا حل اللہ سے رجوع کرنے میں' جے یو آئی (س)

قرآن مجید عالم انسانیت کیلئے مکمل دستور حیات اور پوری انسانیت کیلئے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہے

لاہور (یواین پی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیرا کبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد نیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ حالات میں تمام مشکلات کا حل اللہ پاک سے رجوع کرنے میں ہے، (بقیہ نمبر 8 3)

خیبر پختونخوا سی ٹی ڈی میں مستقل نفری، انفرا اسٹرکچر اور جدید آلات کی کمی کا انکشاف

صوبائی حکومت پولیس، سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کی استعداد کار بڑھانے کیلئے

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا سی ٹی ڈی میں مستقل نفری، انفرا اسٹرکچر اور جدید آلات کی کمی کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس دستاویزات کے مطابق صوبے بھر میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کی ذمہ دار فورس کی مجموعی نفری 3 ہزار 844 اہلکاروں پر مشتمل ہے، تاہم مستقل ملازمین کی تعداد صرف 25 ہے۔ سی ٹی ڈی کا انحصار پولیس سے حاصل کیے گئے عارضی ایگزیکٹو اہلکاروں پر ہے۔دستاویزات کے مطابق (بقیہ نمبر 3 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

صرف -5000/- روپے میں

(یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

ہوسٹنگ پیکیج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

News Website • Business Website • School Website • TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035